یہ مانا حسن ترا بے نیاز ہے لیکن
رکھوں میں یہ دلِ دیوانہ کیسے عشق سے باز

غزل سرائیِ ناہید صرفہ نبرد
دراں مقام کہ حافظ برآورد آواز

نوائے نغمۂ ناہید ماند پڑ جائے
غزل سرا ہو جو اک رات حافظِ شیراز

ہزار شکر کہ دیدم بکامِ خویشت باز
ترا بکامِ خود و با تو خویش را دمساز

مناؤ جشن کہ آیا ہے وہ بصد انداز
مناؤ نغمہ کہ ہوتا ہے آج وہ دمساز

روندگانِ حقیقت رہِ بلا سپرند
رفیقِ عشق چہ غم دارد از نشیب و فراز

رہِ بلا سے ڈریں کیوں روندگانِ حق کے
رفیقِ عشق کو کیوں ہو غمِ نشیب و فراز

غمِ حبیب نہاں بہ ز جستجوئے رقیب
کہ نیست سینۂ اربابِ کینہ محرمِ راز

غمِ حبیب چھپا کے رکھو رقیبوں سے
نہیں ہے سینۂ اربابِ کینہ محرمِ راز

چہ فتنہ بود کہ مشاطۂ قضا انگیخت
کہ کرد نرگسِ مستش سیہ بسرمۂ ناز

یہ کیا ستم ہے کہ مشاطۂ قضا و قدر
سیاہ کر گئی مست آنکھ کو بسرمۂ ناز

بدیں سپاس کہ مجلس منورست بدوست
گرت چو شمع جفائے رسد بسوز و بساز

برائے شکر کہ مجلس ہے یار سے روشن
مثالِ شمع خموشی سے جل بسوز بساز

ملامتے کہ بروئے من آمد از غمِ عشق
ز اشک پرس حکایت کہ من نیم غماز

ملامت آئے غمِ عشق کی بدولت کیوں
حکایت اشک سے پوچھو کہ میں نہیں غماز

امیدِ قدِ تو می داشتم ز بختِ بلند
نسیمِ زلفِ تو می خواستم ز عمرِ دراز

امید ہے قدِ بالا کی تجھ سے بختِ بلند
نسیمِ زلف کی تجھ سے طلب ہے عمرِ دراز

زہائے ہائے شبانہ گشتہ ام واقف
بحالِ من ز ترحم بہ نیم شب پرداز

تو ہائے ہائے شبانہ سے ہو نجات مجھے
جو آئے پاس مرے نیم شب وہ بندہ نواز

فگند زمزمۂ عشق در حجاز و عراق
نوائے بانگِ غزلہائے حافظِ شیراز

بنی ہے زمزمۂ عشق در عراق و عجم
نوائے بانگِ غزلہائے حافظِ شیراز

اے صبا گر بگذری بر ساحلِ رودِ ارس	اے صبا جائے اگر بر ساحلِ جوئے ارس
بوسہ زن بر خاکِ آں وادی و مشکیں کن نفس	خاکِ وادی چوم کے مشکیں کر اپنا نفس
منزلِ سلمیٰ کہ بادش ہر دم از ما صد سلام	منزلِ سلمیٰ کو جا کے میری تسلیمات دے
پُر صدائے ساربانان بینی و آہنگِ جرس	چل صدائے ساربان پُر سن کے آہنگِ جرس
محملِ جاناں ببوس آنگہ بزاری عرضہ دار	محملِ جاناں کو چوم اور رو کے اُس سے عرض کر
کز فراقت سوختم اے مہرباں فریاد رس	جل گیا میں ہجر میں اے مہرباں فریاد رس!
عشرتِ شبگیر کن مے نوش کاندر راہِ عشق	عشرتِ شبگیر کر مے پی کہ راہِ عشق میں
شبروان را آشنائیہاست با میرِ عسس	آشنائی شب کے رہزن کو ہے با میرِ عسس
دل برغبت می سپارد جاں بچشمِ مستِ یار	دل خوشی سے جان دیوے چشمِ مستِ یار پہ
گرچہ ہشیاراں ندادند اختیارِ خود بکس	گرچہ ہشیاراں نہ دیویں اختیارِ خود بہ کس
منکہ قولِ ناصحاں را خواندمے بانگِ رباب	گرچہ قولِ ناصحاں گلبانگ تھا میرے لئے
گوشمالے خوردم از ہجراں کہ اینم پند بس	گوشمالی کی مری ہجراں نے کچھ ایسی کہ بس
طوطیاں در شکرستاں کامرانی می کنند	شکرستاں میں کرے ہیں عیش جبکہ طوطیاں
وز تحسر دست بر سر می زند مسکیں مگس	آرزو میں کیوں نہ پیٹے اپنا سر مسکیں مگس
عشقبازی کار بازی نیست اے دل سر بباز	سر کی بازی عشق ہے یہ کھیل بچوں کا نہیں
زانکہ گوئے عشق نتواں زد بچوگانِ ہوس	گوئے الفت کو نہ ماریں ایں بچوگانِ ہوس
نامِ حافظ گر برآید بر زبانِ کلکِ دوست	نامِ حافظ ایک دن آئے زبانِ کلک پر
از جنابِ حضرتِ شاہم بس است این ملتمس	بس یہی اے بادشہ تجھ سے ہے میری ملتمس

جاناں ترا کہ گفت کہ احوالِ ما مپرس
بیگانہ گرد و قصۂ ہیچ آشنا مپرس

معصوم بن کے قصۂ جور و جفا نہ پوچھ
بیگانگی سے حالِ دلِ آشنا نہ پوچھ

آنجا کہ لطفِ شامل و خلقِ کریم تست
جرمِ گذشتہ عفو کن و ماجرا مپرس

تو مہرباں کریم ہے، تو ہے خلیق جب
میری خطائیں بخش دے، کچھ ماجرا نہ پوچھ

خواہی کہ روشنت شود احوالِ سرِ عشق
از شمع پرس قصہ ز بادِ صبا مپرس

چاہے اگر کہ تجھ پہ کھلے رازِ عاشقی
از شمع قصہ پوچھ زِ بادِ صبا نہ پوچھ

از دلق پوشِ صومعہ نقدِ طلب مجوی
یعنی ز مفلسانِ سخن کیمیا مپرس

شیخوں سے مانگ دولتِ شوق و طلب نہ پوچھ
یعنی زِ مفلساں سخنِ کیمیا نہ پوچھ

در دفترِ طبیبِ خرد بابِ عشق نیست
اے دل بدرد خو کن و نامِ دوا مپرس

ہے دفترِ طبیبِ خرد میں نہ بابِ عشق
خو ڈال درد و رنج کی، نامِ دوا نہ پوچھ

نقشِ حقوقِ خدمت و اخلاص و بندگی
از لوحِ سینہ محو کن و نامِ ما مپرس

نقشِ حقوقِ خدمت و تسلیم و بندگی
سب دل سے دور کر، مرا نام اور پتا نہ پوچھ

ما قصۂ سکندر و دارا نخواندہ ایم
از ما بجز حکایتِ مہر و وفا مپرس

ہم قصۂ سکندر و دارا کا کیا کریں
ہم سے بجز حکایتِ مہر و وفا نہ پوچھ

من ذوقِ دردِ عشقِ تو دانم نہ مدعی
از شعلہ پرس حال ز پروانہ وا مپرس

ہم کو ہے ذوقِ دردِ دل و رنجِ عاشقی
بے واسطہ رقیب کا الفت سے کیا نہ پوچھ

حافظ رسید موسمِ گل معرفت مخواں
دریاب نقدِ عمر ز چون و چرا مپرس

حافظ بہار آگئی، نہ کر ذکرِ معرفت
لے نقدِ عمر، قصۂ چوں و چرا نہ پوچھ

دارم از زلفِ سیاہت گلہ چنداں کہ مپرس — ہے گلہ زلف سے ایسا تری جاناں کہ نہ پوچھ
کہ چناں زو شدہ ام بے سر و ساماں کہ مپرس — اس قدر اس نے کیا بے سر و ساماں کہ نہ پوچھ

کس بامیدِ وفا ترکِ دل و دیں مکناد — کر دیے ترک دل و دین بہ امیدِ وفا
کہ چنانم من ازیں کردہ پشیماں کہ مپرس — بعد اس کے ہوا ایسا ہوں پشیماں کہ نہ پوچھ

بہ یکے جرعہ کہ آزار کسش در پے نیست — دل کی تسکیں کے لیے پیتا ہوں لیکن ہر دم
زحمتے می کشم از مردمِ ناداں کہ مپرس — یوں ستاتے ہیں مجھے مردمِ ناداں کہ نہ پوچھ

گوشہ گیری و سلامت ہوسم بود ولے — گوشہ گیری و سلامت کی طلب تھی لیکن
فتنہ ای می کند آں نرگسِ فتاں کہ مپرس — حشر کرتی ہے بپا نرگسِ جاناں کہ نہ پوچھ

زاہد از ما بہ سلامت بگذر کایں مۓ لعل — شیخ وہ بادۂ احمر سے دمک کر ہے
دل و دیں می برد از دست بداں ساں کہ مپرس — دل و دیں لوٹے ہے اک وضعِ درخشاں کہ نہ پوچھ

گفتمش زلف بہ کیں کہ کشادی گفتا — پوچھا حافظ نے کہ کیوں کھولی ہیں زلفیں تو کہا
حافظا ایں قصہ دراز است بقرآں کہ مپرس — اس قدر طول یہ قصہ ہے بہ قرآں کہ نہ پوچھ

گلعذارے ز گلستانِ جہاں ما را بس
زیں چمن سایۂ آں سروِ رواں ما را بس

ایک گل رخ ہی مجھے باغِ جہاں کافی ہے
ہو اگر اُس سا تو اک سروِ رواں کافی ہے

من و ہمصحبتی اہلِ ریا دورم باد
از گرانانِ جہاں رطلِ گراں ما را بس

اے خدا مجھ کو ریاکاروں کی صحبت سے بچا
بزمِ رنداں کا مجھے رطلِ گراں کافی ہے

نقدِ بازارِ جہاں بنگر و آزارِ جہاں
گر شما را نہ بس ایں سود و زیاں ما را بس

نقدِ بازارِ جہاں سے ملے آزارِ جہاں
نفع ہوتا تو ہے پر اس میں زیاں کافی ہے

یار با ماست چہ حاجت کہ زیادت طلبیم
دولتِ صحبتِ آں مونسِ جاں ما را بس

صحبتِ یار کہاں ملتی ہے بدبختوں کو
تیرا وعدہ ہی ہمیں مونسِ جاں کافی ہے

از درِ خویش خدا را بہ بہشتم مفرست
کہ سرِ کوئے تو از کون و مکاں ما را بس

بھیج جنت میں نہ ہم کو تو اُٹھا کے در سے
تیرا کوچہ ہمیں اے جانِ جہاں کافی ہے

نیست ما را بجز از وصلِ تو در سر ہوسے
دیں تجارت نہ متاعِ دو جہاں ما را بس

ہو اگر وصلتِ دلدار نہ اس میں شامل
کون کہتا ہے متاعِ دو جہاں کافی ہے

خلوتِ اُنس و صالش کہ بعمرے جستم
دست او دست بما وز دو جہاں ما را بس

وصل سے اُنس کی خلوت ملی اک عمر کے بعد
ایک پل اس کا مجھے اے میری جاں! کافی ہے

باغ و عشرت گرِ دنیا بملوک ارزانی
ما فقیریم و گدا کوئے بتاں مارا بس

باغ و عشرت گہِ دنیا ہو مبارک شہ کو
ہم فقیروں کے لیے کوئے بتاں کافی ہے

قصرِ فردوس بپاداشِ عمل می بخشند
ما کہ رندیم و گدا دیرِ مغاں مارا بس

قصرِ فردوس ہو زاہد کو مبارک ساقی!
ہم سے رندوں کو تو بس دیرِ مغاں کافی ہے

بنشیں بر لبِ جوئی و گذرِ عمر ببیں
کایں اشارت ز جہانِ گذراں مارا بس

لبِ جو بیٹھ کے عمرِ گزراں پہ بھی غور
اِک اشارہ ہی جہانِ گزراں کافی ہے

حافظا از مشربِ قسمت گلہ بے انصافی ست
طبع چوں آب و غزلہائے رواں مارا بس

شکوۂ بخت نہ کر، ہم کو تو حافظ تیری
طبع مثلِ آب و غزلہائے رواں کافی ہے

اگر رفیقِ شفیقی درست پیماں باش
حریفِ حجرہ و گرمابہ و گلستاں باش

اگر رفیقِ شفیق درست پیماں ہو
وہ یارِ حجرہ و گرمابہ و گلستاں ہو

شکنجِ زلفِ پریشاں بدستِ باد مدہ
مگو کہ خاطرِ عشاق گو پریشاں باش

شکنجِ زلفِ پریشاں کو کھول دے تُو اگر
پریشاں خاطرِ عشاق اور پریشاں ہو

گرت ہواست کہ با خضر ہمنشیں باشی
نہاں ز چشمِ سکندر چو آبِ حیواں باش

ہے آرزو کہ خضر کا تو ہمنشین بنے
نہاں بچشمِ سکندر جوں آبِ حیواں ہو

رموزِ عشق نوازی نہ کارِ ہر مرغیست
بیاو نوگلِ ایں بلبلِ غزل خواں باش

رموزِ عشق بنا عشق گل نہیں کھلتے
تُو چاہے کتنا بھی اِک بلبلِ غزل خواں ہو

طریقِ خدمت و آئینِ بندگی کردن
خدائے را کہ رہا کن بما و سلطاں باش

طریقِ خدمت و آئینِ بندگی کب تک
غلامی ترک کر آجا اور آکے سلطاں ہو

دگر بصیدِ حرم تیغ برمکش زنہار
وز آنچہ با دلِ ما کردہ پشیماں باش

کیا شکار مرا دل، مگر نہ بھول اے جاں
شکارِ صیدِ حرم جو کرے پشیماں ہو

تو شمعِ انجمنی یک زباں و یک دل شو
خیال کوشش پروانہ بیں و خنداں باش

اے شمعِ انجمنی ناز ہے روا لیکن
تو دیکھ سوزشِ پروانہ یوں نہ خنداں ہو

کمالِ دلبری و حسن در نظر بازیست
بشیوۂ نظر از ناظرانِ دوراں باش

کمالِ دلبری و حسن در نظر بازی
بشیوۂ نظر از ناظرانِ دوراں ہو

خموش حافظ و از جورِ یار نالہ مکن
ترا کہ گفت کہ بر روئے خوب حیراں باش

ہو جورِ یار سے نالاں نہ اس قدر حافظ
نہ شورشِ شاہدِ شیریں پہ اتنا حیراں ہو

بازآی و دلِ تنگِ مرا مونسِ جاں باش
ویں سوختہ را محرمِ اسرارِ نہاں باش

آ اور دلِ تنگ کا پھر مونسِ جاں ہو
کر چارہ گری، محرمِ اسرارِ نہاں ہو

زاں بادہ کہ در میکدۂ عشق فروشند
مارا دو سہ ساغر بدہ و گو رمضاں باش

پھر جا کے پیو میکدۂ عشق میں بادہ
مستِ الفتِ حق میں ہو جو ماہِ رمضاں ہو

در خرقہ چو آتش زدی اے عارفِ سالک
جہدے کن و سرحلقۂ رندانِ جہاں باش

خرقے کو جلا ڈال تو اے عارفِ سالک!
پی عشق کی مے قائدِ رندانِ جہاں ہو

آں یار کہ گفتا بتوام دل نگرانست
گو میرسم اکنوں بسلامت نگراں باش

کیوں باتوں میں آیا ہے تو اک عہد شکن کی
اے دل نہ لگا آس نہ اُس کا نگراں ہو

خوں شد دلم از حسرتِ آں لعلِ رواں بخش
آں درجِ محبت بہماں مُہر و نشاں باش

صد بار کرے خون اگر حسرتِ جاناں
عاشق کا ہے دل کیسے یہ بے مُہر و نشاں ہو

تا بر دلش از غصہ غبارے ننشیند
اے سیلِ سرشک از عقبِ نامہ رواں باش

تا اُس کا نہ آلودہ ہو دل غصہ و غم سے
اے سیلِ سرشک از عقبِ نامہ رواں ہو

اے زاہد اگر وصلتِ مینا دہدت دست
از ہمتِ پیرانِ دو عالم باماں باش

زاہد کو اگر وصلِ صراحی ہو میسر
وہ ہمتِ پیرانِ جہاں سے بہ اماں ہو

حافظ کہ ہوس میکند از جامِ جہاں بیں
گو در نظرِ آصفِ جمشید مکاں باش

ملتا ہے فقط حافظ لئے جامِ جہاں بیں
جس پر نظرِ آصفِ جمشید مکاں ہو

باغباں گر پنج روزے صحبتِ گل بایدش
بر جفائے خارِ ہجراں صبرِ بلبل بایدش

باغباں گر تجھ کو کچھ دن صحبتِ گل چاہیے
بر جفائے خارِ ہجراں صبرِ بلبل چاہیے

اے دل اندر بندِ زلفش از پریشانی منال
مرغِ زیرک چوں بدام افتد تحمل بایدش

بندِ کاکل میں تجھے اے دل پریشانی ہے کیا
دام میں اک مرغِ زیرک کو تحمل چاہیے

با چنیں زلف و رخش بادش نظر بازی حرام
ہر کہ روئے یاسمین و جعدِ سنبل بایدش

جب میسر زلفِ یار اور دولتِ رخسار ہو
کس کو روئے یاسمین و زلفِ سنبل چاہیے

رندِ عالم سوز را با مصلحت بینی چہ کار
کارِ ملک است آنکہ تدبیر و تحمل بایدش

رندِ عالم سوز کا ہے مصلحت سے کام کیا
مانا سلطانی کو تدبیر و تحمل چاہیے

تکیہ بر تقویٰ و دانش در طریقت کافری ست
راہرو گر صد ہنر دارد توکل بایدش

عقل و تقویٰ پہ بھروسہ معرفت میں کفر ہے
سو ہنر بھی ہوں تو رہرو کو توکل چاہیے

ناز ہا زاں نرگسِ مستانہ می باید کشید
ایں دلِ شوریدہ گر آں زلف و کاکل بایدش

ناز و غمزہ و چشمِ مستانہ کے ہیں اکسیرِ جاں
پر دلِ شوریدہ کو آشفتہ کاکل چاہیے

ساقیا در گردشِ ساغر تعلل تا بچند
دور چوں با عاشقاں افتد تسلسل بایدش

لیت و لعل گردشِ ساغر میں اے ساقی نہ کر
دور جب عشاق تک پہنچے تسلسل چاہیے

کیست حافظ تا نہ نوشد بادہ بے آوازِ چنگ
عاشقِ مسکیں چرا چندیں تجمل بایدش

بادہ بے آوازِ بربط پیتا حافظ کیوں نہیں
عاشقِ مسکیں کو اتنا کیوں تجمل چاہیے

ببرد از من قرار و طاقت و ہوش
بتِ سنگیں دل و سیمیں بناگوش

گیا لے کر قرار و طاقت و ہوش
بتِ سنگیں دل و سیمیں بناگوش

نگارے چابکے شوخے پریوش
حریفے مہوشے ترکِ قباپوش

نگار چابک و شوخ پری وش
حبیب مہ وش و ترکِ قباپوش

ز تابِ آتشِ سودائے عشقش
بسانِ دیگ دائم میزنم جوش

بہ تابِ آتشِ سودائے الفت
بشکلِ دیگ دائم دل میں ہے جوش

اگر پوسیدہ گردد استخوانم
نگردد مہرش از جانم فراموش

ہماری ہڈیاں بوسیدہ ہو جائیں
کرے لیکن نہ دل اسکو فراموش

دل و دینم، دل و دینم، ببردست
برودوشش، برودوشش، برودوش

دل و دیں لے گئے میرے دل و دیں
برودوشش، برودوشش، برودوش

دوائے تو دوائے تست حافظ
لبِ نوشش، لبِ نوشش، لبِ نوش

دوا تیری، دوا تیری ہے حافظ
لبِ نوشش، لبِ نوشش، لبِ نوش

بہ دورِ لالہ قدح گیر و بے ریا می باش
بہ بوئے گل نفسے ہمدمِ صبا می باش

بہ دورِ لالہ قدح گیر و بے ریا بن جا
بوئے گل لیتے ہمدمِ صبا بن جا

نگویمت کہ ہمہ سال مے پرستی کن
سہ ماہ مے خور و نہ ماہ پارسا می باش

کہا یہ کس نے کہ مے نوش سال بھر ہو تو
سہ ماہ شراب پی، نو ماہ پارسا بن جا

چو پیرِ سالکِ عشقت بمے حوالہ کند
بنوش و منتظرِ رحمتِ خدا می باش

جو پیرِ سالکِ الفت عطا کرے بادہ
تو پی کے منتظرِ رحمتِ خدا بن جا

گرت ہواست کہ چوں جم بسرِ غیب رسی
بیا و ہمدمِ جامِ جہاں نما می باش

جو چاہے جم کی طرح تجھ پہ رازِ غیب کھلیں
تو پی کے ہمدمِ جامِ جہاں نما بن جا

چو غنچہ گرچہ فروبستگی ست کارِ جہاں
تو ہمچو بادِ بہاری گرہ کشا می باش

ہے مثلِ غنچہ لگاتا گرہ جو کارِ جہاں
تو مثلِ بادِ بہاری گرہ کشا بن جا

وفا مجوی ز کس ور سخن نمی شنوی
بہرزہ طالبِ سیمرغ و کیمیا می باش

طلب میں عمر اگر رائیگاں ہی کرنی ہے
بشوقِ طالبِ سیمرغ و کیمیا بن جا

مریدِ طاعتِ بیگانگاں مشو حافظ
ولے معاشرِ رندانِ آشنا می باش

مریدِ طاعتِ بیگانگاں نہ ہو حافظ
چل اور معاشرِ رندانِ آشنا بن جا

چو بر شکست صبا زلفِ عنبر افشانش
بہر شکستہ کہ پیوست تازہ شد جانش

ہوا بکھرتی جب زلفِ عنبر افشاں ہے
دلِ شکستۂ عاشق میں ڈالتی جاں ہے

کجاست ہم نفسے تا کہ شرح عقدہ دہم
کہ دل چہ میکشد از روزگارِ ہجرانش

اگر ملے وہ کہیں ایک دن تو اُس سے کہوں
کہ خون دل کا کرے روزگارِ ہجراں ہے

نسیم صبح وفا نامہ کہ برد بدوست
زخونِ دیدۂ ما بود مہرِ عنوانش

دے اُس کو بہرِ خدا اے صبا! وفا نامہ
کہ خونِ دل کی لگی اِس پہ مہرِ عنواں ہے

زمانہ از ورقِ گل مثالِ روئے تو بست
ولے ز شرمِ تو در غنچہ کرد پنہانش

بنا جو پھول کی پتی سے یار کا چہرہ
ہوا وہ غنچے میں شرمندگی سے پنہاں ہے

بسے شدیم و نشد عشق را کرانہ پدید
تبارک اللہ ازیں رہ کہ نیست پایانش

یہ بحرِ عشق کہ اس کا نہیں کراں کوئی
یہ راہِ آتش کہ اس کا کہیں نہ پایاں ہے

جمالِ کعبہ مگر عذرِ رہرواں خواہد
کہ جانِ زندہ دلاں سوخت در بیابانش

جمالِ کعبہ کرے عذر رہرواں سے بہت
جلا کے خاک کرے جب انھیں بیاباں ہے

دلم کہ مہرِ تو از غیرِ تو نہاں میداشت
ببیں کہ دیدہ کند فاش پیشِ یارانش

نہ جانتا تھا کوئی راز جو سوا تیرے
وہ چشمِ نم سے ہوا فاش پیشِ یاراں ہے

بدیں شکستۂ بیت الحزن کہ می آرد
نشانِ یوسفِ دل از چہِ زنخدانش

نشانِ کلبۂ احزاں میں کوئی دے اُس کا
جو ایک یوسفِ دل در چہِ زنخداں ہے

سحر بطرفِ چمن می شنیدم از بلبل
نوائے حافظِ خوش لہجۂ غزل خوانش

سمجھتے ہو جسے گلبانگِ عندلیب وہ اک
نوائے حافظِ خوش لہجۂ غزل خواں ہے

چو جام لعلِ تو نوشم کجا بماند ہوش
چو چشمِ مستِ تو بینم بجا نماند گوش

ملا جو جام لبِ لعل، دل میں آیا جوش
جو چشمِ مست کو دیکھا تو ہو گیا مدہوش

منم غلامِ تو ور زانکہ از من آزادی
مرا بکوزہ فروشیں شرابخانہ فروش

ترا غلام ہوں میں اور تو مجھ سے ہے آزاد
دے مجھ کو بیچ سرِ میکدہ بہ کوزہ فروش

بہ بوئے آنکہ زمینا نہ کوزۂ یابم
روم سبوئے خراباتیاں کشم بردوش

اُمید تھی کہ ملے میکدے میں کوزۂ مے
گیا سبوئے خراباتیاں لئے بردوش

مرا مگوی کہ خاموش باش ودم درکش
کہ در چمن نتواں یافت مرغ را خاموش

یہ کیسا طورِ خموشی ہے تیری محفل میں
کب عندلیب چمن میں ہوا ہے یوں خاموش

اگر نشانِ تو جویم کدام صبر و قرار
وگر حدیثِ تو گویم کدام طاقت و ہوش

تلاش میں تری صبر و قرار کھو بیٹھے
نشان تیرا ملا جب نہ ہے نہ طاقت و ہوش

شراب پختہ بخاماں دلِ فسردہ دہد
کہ بادہ آتشِ تیز است و درپختگاں نہ جوش

شراب پختہ نہ کچے دلوں کو دے ساقی!
ہے بادہ آتشِ تیز اور پختگاں میں ہے جوش

نعیم روضۂ جنت بذوقِ آں نرسد
کہ یار نوش کند بادہ و تو گوئی نوش

نہیں بہشت میں ایسا مزہ جو آتا ہے
ہو یار بزم میں جب بزم میں ہو ناؤ نوش

مرا چو خلعتِ سلطانِ عشق میدادند
ندا زدند کہ حافظ خموش باش خموش

یہ کہہ کے بخشی ہے سلطانِ عشق نے خلعت
کہ حافظ اس کو لے اور رہ خموش رہ خاموش

در عہدِ بادشاہِ خطا بخش جرم پوش	خوش عہدِ بادشاہِ خطا بخش و جرم پوش
حافظ قرابہ کش شد و مُفتی پیالہ نوش	حافظ قرابہ کش ہوا مفتی پیالہ نوش
صوفی زکنج صومعہ در پائے خُم نشست	صوفی بھی آکے بیٹھا ہے مٹکے کی چھاؤں میں
تا دید محتسب کہ سبو میکشد بدوش	دیکھا کہ محتسب بھی پھرے ہے سبو بدوش
احوالِ شیخ و قاضی و شرب الیہودشاں	شربِ نہانِ قاضی و مفتی کا حال جب
کردم سوال صبحدم از پیرِ مے فروش	پوچھا تو مجھ سے کہنے لگا پیرِ میفروش
گفتا نہ گفتنی ست سخن گرچہ محرمی	محرم ہے رازداں ہمارا ہے تو، و لے
درکش زبان و پردہ نگہدار و مے بنوش	کہنے کی بات یہ نہیں؛ خاموش بادہ نوش
ساقی بہار میرسد و جامِ مے نماند	ساقی بہار آئی ہے تھوڑی شراب دے
فکرے بکن کہ خونِ دل آمد زغم بجوش	آیا ہے سوزِ غم سے میرا خونِ دل بجوش
عشق ست مفلسی و جوانی و نوبہار	ہے عشق و مفلسی و جوانی و فصلِ گُل
عذرم پذیر و جرم بذیلِ کرم بپوش	کر معذرت قبول چھپا جرم عیب پوش!
اے بادشاہِ صورت و معنی کہ مثلِ تو	اے بادشاہِ صورت و سیرت ترا مثیل
نادیدہ ہیچ دیدہ و نشنیدہ ہیچ گوش	دیکھا نہ آنکھ نے نہ کسی نے سُنا بگوش

چنداں بماں کہ خرقۂ ازرق کند قبول
بختِ جوانت از فلکِ پیرِ ژندہ پوش

لمبی ہو عمر اتنی کہ دے بخت کو ترے
اک خرقۂ ازرق فلکِ پیرِ ژندہ پوش

تا چند ہمچو شمع زباں آوری کنی
پروانۂ مراد رسید اے محب خموش

کب تک زباں درازی کرے گا خیالِ شمع
پروانۂ مراد ملا ہے تو رہ خموش

دی شب ندا ز غیب بگوشِ دلم رسید
حافظ تو غصہ کم خور و بنشین دمے بہوش

حافظ پیو شرابِ غم و غصہ کم کرو
آئی ہے شب میں غیب سے یہ اک ندا بگوش

دلم رمیدہ شد و غافلم من درویش
کہ آں شکاریِ سرگشتہ را چہ آمد پیش

اڑا لیا مرا دل، سوچتا ہوں میں درویش
کہ اس شکاری کو کیا مشکلات آئیں پیش

چو بید بر سرِ ایمانِ خویش می لرزم
کہ دل بدستِ کماں ابرویست کافر کیش

بہت ہی خطرے میں ایمان کانپتا ہوں میں
ہے دل بدستِ کماں ابروانِ کافر کیش

خیالِ حوصلۂ بحر می پزم ہیہات
چہاست در سرِ ایں قطرۂ محال اندیش

خیالِ حوصلۂ بحرِ عشق ہے دل کو
ہوا ہے قطرہ یہ اک کس قدر محال اندیش

بکوئے میکدہ گریان و سر فگندہ روم
چرا کہ شرم ہمی آیدم ز حاصلِ خویش

بسوئے میکدہ جاتا ہوں سر جھکائے ہوئے
کہ آئی دیکھ کے مجھ کو ہے شرم حالتِ خویش

نہ عمرِ خضر بماند نہ ملکِ اسکندر
نزاع بر سرِ دنیائے دوں مکن درویش

نہ عمرِ خضر ہمیشہ، نہ ملکِ اسکندر
نزاع بر سرِ دنیائے دوں نہ کر درویش

بنازم آں مژہ شوخِ عافیت کش را
کہ موج میزندش آبِ نوش بر سرِ نیش

ہے ناز اک مژہ شوخِ عافیت کش کو
کہ آبِ نوش کرے رقص اسکے بر سرِ نیش

ز آستینِ طبیباں ہزار خوں بچکد
گرم بہ تجربہ دستے نہند بر دلِ ریش

ٹپکتا خوں ہے طبیبوں کی آستینوں سے
جو ہاتھ رکھتے ہیں تشخیص کا وہ بر دلِ ریش

تو بندہ گلہ از بادشہ مکن اے دل
کہ شرطِ عشق نباشد شکایت از کم و بیش

طلب میں اتنا گلہ یار سے نہ کر لے دل
نہیں ہے عشق میں جائز شکایتِ کم و بیش

بداں کمر نرسد دستِ ہر گدا حافظ
خزینۂ بکف آور ز گنجِ قاروں بیش

وہ ہاتھ پا نہ سکا یار کی کمر حافظ
خزینہ رکھتا نہ تھا جو زِ گنجِ قاروں بیش

دوش با من گفت پنہاں راز دانے تیز ہوش
کز شما پنہاں نشاید داشت رازِ مے فروش

مجھ سے کل کہنے لگا یہ راز دانِ تیز ہوش
رکھ نہیں سکتا نہاں تجھ سے میں رازِ مے فروش

گفت آساں گیر بر خود کارہا کز روئے طبع
سخت می‌گیرد جہاں بر مردمانِ سخت کوش

ڈھونڈ آسائش یہاں کارِ جہاں آسان کر
کرتے آساں کام بھی مشکل ہیں جو ہیں سخت کوش

وانگہم در داد جامے کز فروغش بر فلک
زہرہ در رقص آمد و بربط زناں می‌گفت نوش

جام ساقی نے دیا ایسا ہوا روشن فلک
رقص زہرہ نے کیا کہنے لگی پی بادہ نوش

تا نگردی آشنا زیں پردہ رمزے نشنوی
گوشِ نامحرم نباشد جائے پیغامِ سروش

گر ہے جویا راز کا بن آشنائے رازداں
گوشِ نامحرم نہیں ہے جائے پیغامِ سروش

در حریمِ عشق نتواں زد دم از گفت و شنید
زانکہ آنجا جملہ اعضا چشم باید بود و گوش

کچھ حریمِ عشق میں ہوتی نہیں گفت و شنید
خامشی لازم سب اعضا کو بنا لے چشم و گوش

در بساطِ نکتہ داناں خود فروشی شرط نیست
یا سخن دانستہ گو اے مردِ بخرد یا خموش

خود نمائی نکتہ دانوں کی نظر میں ہے غلط
بات کر معقول اے مردِ خرد یا رہ خموش

با دلِ خونیں لبِ خنداں بیاور ہمچو جام
نے گرت زخمے رسد آئی چو نے اندر خروش

گرچہ اس میں خونِ دل ہے لب پہ خنداں جام کے
ہو اگر بسمل تو ہو پر دل میں ہو جوش و خروش

گوش کن پند اے پسر از بہرِ دنیا غم مخور
گفتمت چوں در حدیثے گر توانی دار گوش

پند میں سا میری گراں گوہر ہیں اے جانِ پدر!
غم نہ کھا دنیائے دوں کا یہ نصیحت سن بگوش

ساقیا مے دہ کہ رندیہائے حافظ عفو کرد
خسروِ صاحبقرانِ جرم بخش و عیب پوش

ساقیا مے دے کہ حافظ پر ہوا ہے مہرباں
خسرو صاحب قرانِ جرم بخش و عیب پوش

سحر ز ہاتفِ غیبم رسید مژدہ بگوش — یہ لایا غیب سے اک مژدہ آج صبح سروش
کہ دورِ شاہِ شجاع ست مے دلیر بنوش — کہ دورِ شاہِ شجاع اب ہے ڈر نہ بادہ نوش

شد آنکہ اہلِ نظر بر کنارہ می‌رفتند — گیا زمانہ کہ محتاط تھے سب اہلِ نظر
ہزار گونہ سخن بر دہان و لب خاموش — زباں پہ لفظ تھے بیتاب اور تھے لب خاموش

بہ بانگِ چنگ بگوئیم آں حکایت ہا — بہ بانگِ چنگ حکایات وہ کریں گے بیاں
کہ از نہفتنِ او دیگِ سینہ میزد جوش — کہ آئے جن کو چھپانے سے دیگِ سینہ پہ جوش

شرابِ خانگی از بیمِ محتسب خوردن — چھپا کے پیتے تھے کل محتسب کے ڈر سے مگر
بروئے یار بنوشیم و بانگِ نوشانوش — ہم آج پیتے ہیں کھل کے بہ بانگِ نوشانوش

ز کوئے میکدہ دوشش بدوش می بردند — ہم آج جاتے ہیں اسکو اٹھائے کندھے پر
امامِ شہر کہ سجادہ می کشید بدوش — امامِ شہر جو پہلے تھا کل مصلیٰ بدوش

دلا دلالتِ خیرت کنم براہِ نجات — تری نجات اسی میں ہے سن مری اے دل!
مکن بفسق مباہات و زہد ہم مفروش — نہ فخر زہد پہ کر اور نہ بن تو تقویٰ فروش

محلِ نورِ تجلی ست رائے انورِ شاہ — مقامِ نورِ تجلی ہے رائے انورِ شاہ
چو قرب او طلبی در صفائے نیت کوش — جو قرب چاہیے اس کا صفائے نیت کوش

بجز ثنائے جلالش مساز وردِ ضمیر — مقامِ سدرہ ہے عرشِ بریں مکان اُس کا
کہ ہست گوشِ دلش محرمِ پیامِ سروش — وہ گوشِ دل جو بنے محرمِ پیامِ سروش

رموزِ مصلحتِ ملک خسرواں دانند — رموزِ مصلحتِ ملک خسرواں جانیں
گدائے گوشہ نشینی تو حافظا مخروش — فقیرِ سادہ ہے حافظؔ نہ کر تو اتنا خروش

صوفی گلے بچین و مرقع بخار بخش
ویں زہد خشک را بہ مے خوشگوار بخش

صوفی گلوں کو دیکھ، مرقع بہ خار بخش
تقویٰ و زہد سب بہ مئے خوشگوار بخش

طامات و زرق در رہ آہنگ چنگ نہ
تسبیح و طیلساں بہ مے و میگسار بخش

ذکر و بیانِ عشق بہ آہنگِ چنگ کر
فکر اور معرفت بہ مے و میگسار بخش

زاہد گراں کہ ساقی و شاہد نمی خرند
در حلقۂ چمن بہ نسیم بہار بخش

زہد گراں کہ ساقی و شاہد پہ ہے گراں
حلقے میں باغ کے بہ نسیم بہار بخش

راہم شراب لعل زد اے میر عاشقاں
خون مرا بہ چاہ زنخدان یار بخش

گو لب نے خوں کیا ہے ترے میرا خوں بہا
خوں بلکہ یہ بہ چاہِ زنخدانِ یار بخش

یارب بوقت گل گنہ بندہ عفو کن
ویں ماجرا بسرو لب جوئبار بخش

یارب بوقتِ گل گنہِ بندہ عفو کر
ہو جو خطا بہ سرو لبِ جوئبار بخش

اے آنکہ رہ بمشرب مقصود بردۂ
زیں بحر قطرۂ بمن خاکسار بخش

بخشا خدا نے مشربِ مقصود گر تجھے
اک قطرہ بحر کا بہ دلِ خاکسار بخش

شکرانہ کز رخے ترا چشم بد ندید
ما را بعفو و لطف خداوندگار بخش

تا کہ خدا رکھے تجھے ہر چشمِ بد سے دور
ہم کو تو بہرِ لطفِ خداوندگار بخش

ساقی چو شاہ نوش کند بادۂ صبوح
گو جام زر بحافظ شب زندہ دار بخش

جب شاہ کرتے نوش صبوحی ہیں ساقیا
اک جامِ زر بہ حافظِ شب زندہ دار بخش

کنارِ آب و پائے بید و طبعِ شعر و یارے خوش　　کنارِ آب و پائے بید و طبعِ شعر و یارِ خوش
معاشر دلبرِ شیریں و ساقی گلعذارے خوش　　ہے ساتھی دلبرِ شیریں و ساقی گلعذارِ خوش

الا اے دولتِ طالع کہ قدرِ وصل میدانی　　اے میری دولتِ طالع! مجھے دے وصل کی دولت
گوارا بادت ایں عشرت کہ داری روزگارے خوش　　مبارک ہو تجھے عشرت ترا ہو روزگارِ خوش

عروسِ طبع را زیور ز فکرِ بکر می بندم　　عروسِ طبع کو میں فکرِ تازہ سے سجاتا ہوں
بود کز نقشِ ایامم بدست افتد نگارے خوش　　سمٹ آئے مرے آغوش میں تا کہ نگارِ خوش

شبِ صحبت غنیمت دان و دادِ خوشدلی بستاں　　ملی ہے یار کی صحبت چراغاں آج محفل ہے
کہ مہتابِ دل افروز است و طرفِ لالہ زارے خوش　　ہے تاباں ماہتابِ دل ہے طرفِ لالہ زارِ خوش

مے در کاسۂ چشمِ مست ساقی را بنام ایزد　　خدایا ہے یہ مے کیسی مرے ساقی کی آنکھوں میں
کہ مستی میکند با عقل و می آرد خمارے خوش　　کہ کرتی عقل کو ہے مست لائے ہے خمارِ خوش

ہر آنکس را کہ بر خاطر ز عشقِ دلبرے باریست　　ہوا ہے آتشِ الفت سے گر عاشق کا دل بریاں
سپندے گو بر آتش نہ کہ داری کاروبارے خوش　　سپند اک اس پہ ڈالو تا بنے یہ کاروبارِ خوش

بغفلت عمر شد حافظ بیا با ما بمیخانہ　　ہے تجھ کو گر غمِ فرقت تو میخانے میں چل حافظ
کہ شنگولانِ سرمستت بیاموزند کارے خوش　　کہ معشوقاں وہاں رندوں کو سکھلاتے ہیں کارِ خوش

ما آزمودہ ایم دریں شہر بختِ خویش
باید بروں کشید ازیں ورطہ رختِ خویش

ہے آزمایا ہم نے یہاں بیش بختِ خویش
چل اور شہر میں کسی لے کر تو رختِ خویش

از بسکہ دست می گزم و آہ می کشم
آتش زدم چو گل بتنِ لخت لختِ خویش

الفت ہے کون سی مجھے کیسا یہ عشق ہے
کیوں میں جلا رہا ہوں دلِ لخت لختِ خویش

دوشم ز بلبلے چہ خوش آمد کہ می سرود
گل گوش پہن کردہ ز شاخِ درختِ خویش

گویا بانگِ عندلیب ہے ایسی کہ آج گل
سننے میں کان لگا کے بہ شاخِ درختِ خویش

کاے دل صبور باش کہ آں یارِ تند خوی
بسیار تند خوے نشیند ز بختِ خویش

اے دل نہ کر شکایتِ معشوقِ تند خو
بسیار تند خو کرے اسکو ہے بختِ خویش

گر موج خیز حادثہ سر بر فلک زند
عارف بآب تر نکند رختِ بختِ خویش

کتنا بھی موج خیز ہو چاہے یہ بحرِ غم
عارف بہ آب تر نہ کرے رختِ بختِ خویش

خواہی کہ سخت و سستِ جہاں بر تو بگذرد
بگذر ز عہدِ سست و سخن ہائے سختِ خویش

بچا ہو جو سخت و سستِ جہاں سے بچے رہو
چھوڑ دو یہ عہدِ سست و سخن ہائے سختِ خویش

اے حافظ ار مراد میسر شدے مدام
جمشید نیز دور نماندے ز تختِ خویش

حافظ مراد کو ہے میسر دوام گر
جمشید چھوڑ کے گیا کیوں تاج و تختِ خویش

مرا کاریست مشکل با دلِ خویش — مجھے ایسی ہے مشکل با دلِ خویش
کہ گفتن می نیارم مشکلِ خویش — کہ مشکل ہے بتانا مشکلِ خویش

خیالات داند و جانِ من از غم — نہیں ہے عشق میں کچھ بھی بجز غم
کہ ہر شب در چہ کارم با دلِ خویش — کہوں یہ بات کیسے با دلِ خویش

ز واپس ماندگاں یاد ے کن آخر — نہ پیچھے چھوڑ ان پس ماندگاں کو
چہ رانی تند یارا محملِ خویش — نہ جا یوں تیز لے کر محملِ خویش

بے گشتم چو مجنوں کوہ و صحرا — میں خاکِ کوہ و صحرا چھانتا ہوں
مگر یابم سراغ از منزلِ خویش — ملے شاید سراغِ منزلِ خویش

مرا در اولِ منزل رہ آفتاد — بچے طوفانِ غم سے آئے کیسے
کم آمد کشتیم در ساحلِ خویش — سفینہ دل کا اندر ساحلِ خویش

چہ فرصتہا کہ گم کردم دریں راہ — مواقع راہ میں کھوتا ہوں ہر دم
ز بختِ خوابناکِ غافلِ خویش — ز بختِ خوابناکِ غافلِ خویش

کم از جولانِ آخر در رہِ ما — تو آ اُس راہ پہ حافظ نے جس کی
چو حافظ خاک کرد آب و گلِ خویش — بنائی خاک ہے آب و گلِ خویش

من خرابم ز غمِ یارِ خراباتیِ خویش
می‌زند غمزۂ او ناوکِ غم بر دلِ ریش

ہے مری جاں کو غمِ یارِ خراباتی بیش
ناوکِ غمزہ سے کرتا ہے بہت وہ دل ریش

با تو پیوستم و از غیرِ تو دل ببریدم
آشنائے تو ندارد سرِ بیگانہ و خویش

آشنا تیرا ہوا جب سے میرا دل اس کو
نہیں اندیشۂ بیگانہ، نہیں فکرِ خویش

بہ عنایت نظرے کن کہ منِ دل شدہ را
نرود بے مددِ لطفِ تو کارے از پیش

اے مرے دوست تری چشمِ عنایت کے بغیر
حل ہو کیسے یہ مشکل جو ہے مجھ کو درپیش

آخر اے پادشہِ حسن و ملاحت چہ شود
گر لبِ لعلِ تو ریزد نمکے بر دلِ ریش

دُور سے اپنا دکھا کے لبِ شیریں مجھ کو
یوں نمک شاہِ ملاحت! نہ چھڑک بر دلِ ریش

خرمنِ صبرِ منِ سوختہ دل داد بباد
چشمِ مستِ تو کہ بگشاد کمیں از چپ و پیش

تابِ رخ سے ہے جلا صبر کا میرے خرمن
مست آنکھوں نے لگایا ہے کمیں از چپ و پیش

گر چلیپائے سرِ زلف ز ہم بگشاید
بس مسلماں کہ شود کشتۂ آں کافر کیش

کھول کر گر ہے کبھی اپنی صلیبِ کاکل
مار ڈالے ہے مسلمانوں کو وہ کافر کیش

چونکہ ایں کوشش بے فائدہ سودے ندہد
پس میازار دلِ خود ز غم اے دور اندیش

جبکہ کچھ فائدہ ہوتا نہیں اس کوشش سے
نہ جلا دل کو غمِ یار سے اے دُور اندیش

پرسشِ حالِ دلِ سوختہ کن بہرِ خدا
نیست از شاہ عجب گر بنوازد درویش

پرسشِ حالِ دلِ سوختہ کر بہرِ خدا
ہے عجب کچھ نہیں گر شاہ نوازے درویش

حافظ از نوشِ لبِ لعلِ تو کامے گر یافت
گر خورد بر دلِ ریشش دو ہزاراں سرِ نیش

طیش اسکو نہیں نوشِ لبِ لعل اے حافظ
نہ ہو خوں جس کے جگر کا نہ ہو جس کا دل ریش

ہاتفے از گوشۂ میخانہ دوش — آئی میخانے میں آوازِ سروش
گفت بہ بخشند گنہ مے بنوش — بخش دیں گے ہم تجھے اے بادہ نوش

عفوِ الٰہی بکند کارِ خویش — کام کرتی ہیں خدا کی بخششیں
مژدۂ رحمت برساند سروش — مژدۂ رحمت سناتا ہے سروش

عفوِ خدا بیشتر از جرم ماست — بے گناہوں سے سوا عفوِ خدا
نکتۂ سربستہ چہ گوئی خموش — نکتۂ سربستہ یہ ہے رہ خموش

گرچہ وصالش نہ بکوشش دہند — وصل کوشش سے نہیں ملتا کبھی
ہر قدر اے دل کہ توانی بکوش — پھر بھی کوشش اے مرے دل تا بکوش

ایں خردِ خام بمیخانہ بر — لے کے عقلِ خام میخانے میں چل
تا مے لعل آوردش خوں بجوش — تا کہ مے سے آئے اس کا خوں بجوش

گوشِ من و حلقۂ گیسوئے یار — حلقۂ زلفِ یار کا ہو کان میں
روئے من و خاکِ درِ مے فروش — ہو جبیں بر خاکِ کوئے مے فروش

داورِ دیں شاہِ شجاع آنکہ کرد — دین کا حاکم ہے وہ شاہِ شجاع
روحِ قدس حلقۂ امرش بگوش — جس کا ہے جبریل بھی حلقہ بگوش

اے ملک العرش مرادش بدہ — بادشاہِ عرش! مجھ پہ رحم کر
وز خطرِ چشمِ بدش دار گوش — چشمِ بد کو دور رکھ دے گوش ہوش

رندیِ حافظ نہ گناہیست صعب — رندیِ حافظ نہیں ایسا گناہ
با کرمِ پادشہِ عیب پوش — پیشِ چشمِ لطفِ شاہِ عیب پوش

بیا کہ می شنوم بوئے جان از آں عارض — کچھ ایسی آج ملی بوئے جان اُس رُخ سے
کہ یافتم دلِ خود را نشاں از آں عارض — ملا نشانِ دلِ بے نشان اُس رُخ سے

خجل بماند قدِ سروِ ناز از آں قامت — زمیں میں گڑ گیا ہر سرو دیکھ اُس قد کو
خجل شدہ است گلِ گلستاں ازاں عارض — ہے شرمسار گلِ گلستان اُس رُخ سے

معانیٔ کہ ز حوراں بشرح می گویند — بیانِ خوبیٔ حوراں سُنا بہت ہے مگر
ز حسن و لطف چو کرد ایں بیاں از آں عارض — نہ خوب تر ہے کوئی بھی بیان اُس رُخ سے

گرفتہ نافۂ چیں بوئے مشک از آں گیسو — ہے بوئے نافۂ چیں اُس کی زلفِ مشکیں میں
گلاب یافتہ بوئے چناں از آں عارض — ملا گلاب کو حسنِ جوان اُس رُخ سے

بشرم رفتہ تنِ یاسمن از آں اندام — خجل کرے ہے تنِ یاسمیں کو تن اُس کا
بخون نشستہ گلِ ارغواں از آں عارض — ہوا ہے خونِ گلِ ارغوان اُس رُخ سے

ز مہر روئے تو خورشید گشتہ غرقِ عرق — عرق عرق ہے رُخِ یار دیکھ کر سورج
نزار ماندہ مہِ آسماں از آں عارض — ہوا خمیدہ مہِ آسمان اُس رُخ سے

ز نظمِ دلکشِ حافظ چکید آبِ حیات — ہے ٹپکے آبِ بقا یوں سخن سے حافظ کے
چنانکہ خوی شدہ جاناں چکاں از آں عارض — گرے ہے جوں عرقِ ارغوان اُس رُخ سے

حسن و جمالِ تو جہاں جملہ گرفت طول و عرض	روشن ہیں حسنِ یار سے دنیا جہاں کے طول و عرض
شمس فلک خجل شدہ از رخ خوب پا و ارض	شمس فلک خجل ہوا دیکھا جو روئے ماہ و ارض
رخت مقتبس خور ز چہارم آسماں	روشن ہے نور سے ترے مہرِ چہارم آسماں
ہچو زمینِ ہفتمیں ماندہ بزیر بار قرض	مثل زمینِ ہفتمیں ہے ترا زیرِ بارِ قرض
یدنِ حسن روئے تو بر ہمہ خلق واجب ست	جلوۂ حسنِ یار ہے لازمی ساری خلق پر
جدۂ درگہ تو شد بر ہمہ شاہ و ارض فرض	سجدۂ بارگاہِ دوست ہے بہ گدا و شاہ فرض
ز لبِ روح پرورت گلشکرے ببخشدم	مجھ کو دے جانِ من کبھی اپنے لبوں کی گل شکر
کے تنِ دردمندِ من رستہ شود ازیں مرض	کہ تنِ دردمند کی ہے یہی اک دوائے مرض
سر بخاکِ پائے او دست کجا دہد ترا	اپنے خاکِ پا مجھے اپنا کبھی وہ بخش دے
ۂ شوق حافظا خود کہ رساندش بعرض	قصۂ شوق و آرزو حافظؔ اگر کرے تو عرض

زچشمِ بد رخِ خوبِ ترا خدا حافظ	بُری نظر سے بچائے اُسے خدا حافظ
کہ کرد جلوہ نکوئی بجائے ما حافظ	وہ شخص تجھ پہ بہت مہرباں رہا حافظ
اگرچہ خونِ دلت خورد لعلِ او بستاں	وہ لعل لب کے جو پیتے ہیں خونِ دل تیرا
بکامِ دل ز لبش بوسہ خوں بہا حافظ	جو دیں بوسہ تو مل جائے خوں بہا حافظ
بزلف و خالِ بتاں دل مبند دیگر بار	بزلف و خالِ بتاں دل لگا نہ بارِ دگر
اگر رستی ازیں بند و ایں بلا حافظ	یہ بندِ عشق نہیں ہے یہ ہے بلا حافظ
بیا کہ نوبتِ صلح ست و دوستی و صفا	خلوص و اُنس کا ہے وقت کر قرارِ صلح
کہ با تو نیست مرا جنگ و ماجرا حافظ	کہ تجھ سے اس کو نہیں جنگ و ماجرا حافظ
تو از کجا و اُمیدِ وصالِ او ز کجا	کہاں تو اور امیدِ وصالِ یار کہاں
بدامنش نرسد دستِ ہر گدا حافظ	نہیں ہے اتنا رسا دستِ ہر گدا حافظ
چہ ذوق یافت دلِ من ز وصلِ آں محبوب	ہوا ہے اس طرح وہ جلوہ گر کہ آج مجھے
مراست تحفۂ جاں بخش دلربا حافظ	ملا ہے تحفۂ جاں بخش دلربا حافظ
بیا بخواں غزلِ خوب و طرفہ و پُرسوز	سنا تو ایک غزل درد سے بھری کہ بہت
کہ شعر تست فرح بخش و جاں فزا حافظ	ہیں شعر تیرے سکوں بخش و جاں فزا حافظ

سحر چو بلبلِ بیدل مے شدم در باغ — مثالِ بلبلِ بیدل گیا میں اندر باغ
کہ تا چو بلبلِ بیدل کنم علاجِ دماغ — کہ بوئے گل سے ہو شاید مرا علاجِ دماغ

بچہرۂ گلِ سوری نگاہ میکردم — ہو چہرۂ گلِ سوری نگاہ میں میری
کہ بود در شبِ تارے بروشنی چو چراغ — مثالِ تیرگیٔ غم بروشنیٔ چراغ

چناں بحسن و جوانیٔ خویشتن مغرور — بنایا حسن و جوانی نے اس قدر مغرور
کہ داشت از دلِ بلبل ہزار گونہ فراغ — کہ عندلیب کے دل سے رہا ہے اس کو فراغ

کشادہ نرگسِ رعنا بحسرت آب از چشم — ہیں کس قدر گلِ نرگس کی آنکھ میں آنسو
نہادہ لالۂ حمرا بجان و دل صد داغ — ہیں دیکھ لالۂ حمرا کے دل میں کتنے داغ

زباں کشیدہ چو تیغے بسرزنش سوسن — زباں کی تیغ سے کرتی ہے سرزنش سوسن
دہاں کشادہ شقائق چو مردمانِ بلاغ — دہن کشادہ ہوئی یاسمین اندر باغ

یکے چو بادہ پرستاں صراحی اندر دست — ہو شکلِ بادہ پرستاں صراحی اندر دست
یکے چو ساقیٔ مستاں بکف گرفتہ ایاغ — مثالِ ساقیٔ مستاں بکف ہو ایسا ایاغ

نشاط و عیشِ جوانی چو گل غنیمت داں — نشاط و عیشِ جوانی ہے خوش رہو حافظ
کہ حافظا نبود بر رسول غیر بلاغ — بہار آئی ہے روشن ہوا ہے گل کا چراغ

زبانِ خامہ ندارد سرِ بیانِ فراق
وگرنہ شرح دہم با تو داستانِ فراق

زباں کو ہو اگر طاقتِ بیانِ فراق
سناؤں ہم تمہیں تفسیرِ داستانِ فراق

رفیقِ خیلِ خیالیم و ہمرکابِ شکیب
قرینِ محنت و اندوہ و ہمقرانِ فراق

رفیقِ خیلِ خیال اور شکیب فطرت ہیں
قرینِ محنت و اندوہ و ہمقرانِ فراق

دریغ مدتِ عمرم کہ بر امیدِ وصال
بسر رسید و نیامد بسر زمانِ فراق

کسی طرح سے امیدِ وصال آئے نہ بر
کسی طرح نہیں ہوتا بسر زمانِ فراق

سرے کہ بر سرِ گردوں بفخر می سودم
ز روئے عجز نہادم بر آستانِ فراق

وہ سر جو گنبدِ گردوں سے تھا مرا اونچا
میں آج رکھتا ہوں اس کو بر آستانِ فراق

چگونہ باز کنم بال در ہوائے وصال
کہ ریخت مرغِ دلم پر در آشیانِ فراق

ہوائے وصل میں کیسے اڑے گا مرغِ دل
جب اس نے کر دیے پر نذرِ آشیانِ فراق

بسے نماند کہ کشتیِ عمر غرقہ شود
ز موجِ شوقِ تو در بحرِ بیکرانِ فراق

ہے ڈر کہ موجِ تمنا سے ڈوب جائے گا
سفینہ عمر کا لے بحرِ بیکرانِ فراق

فلک چو دید سرم را اسیرِ چنبرِ عشق
ببست گردنِ صبرم بریسمانِ فراق

ہو اضطراب تجھے عشق میں نہ کیوں اے دل!
جو باندھے صبر کی گردن بہ ریسمانِ فراق

کنوں چہ چارہ کہ در بحرِ غم بگردابے
فتادہ کشتیِ صبرم ز بادبانِ فراق

بچے یہ کیسے؟ جو گرداب بحرِ غم میں مرا
سفینہ صبر کا لے آیا بادبانِ فراق

چگونہ دعوئے وصلت کنم بجاں کہ شدہ ست
تنم وکیلِ قضا و دلم ضمانِ فراق

بجان و دل میں کروں کیسے وصل کا دعویٰ
ہے تن وکیلِ قضا جب، ہے دل ضمانِ فراق

فراق و ہجر کہ آورد در جہاں یا رب
کہ روزِ ہجر سیہ باد و خانمانِ فراق

فراق و ہجر ہیں دنیا میں جو تری یا رب
ہو ہجر روسیہ، برباد خانمانِ فراق

ز سوزِ شوق دلم شد کباب دُور از یار
مدام خونِ جگر میخورم ز خوانِ فراق

کباب دل کو بناتا ہے سوزِ شوق مرا
رکھے ایاغ میں خونِ جگر ہے خوانِ فراق

بپائے شوق گر ایں رہ بسر شدے حافظ
بدستِ ہجر ندادے کسے عنانِ فراق

بپائے شوق جو کرتا ہے راہ طے حافظؔ
نہ دستِ ہجر میں ہرگز دے تُو عنانِ فراق

مباد کس چو منِ خستہ مبتلائے فراق
کہ عمرِ من ہمہ بگذشت در بلائے فراق

نہ ہو کبھی کوئی مجھ جیسا مبتلائے فراق
رہی ہے ساتھ مرے عمر بھر بلائے فراق

غریب و عاشق و بیدل فقیر و سرگرداں
کشیدہ محنتِ ایام و درد ہائے فراق

غریب، عاشق و بیدل، فقیر و سرگرداں
ہیں سب کو محنتِ ایام و درد ہائے فراق

اگر بدستِ من افتد فراق را بکشم
بآبِ دیدہ دہم باز خونبہائے فراق

لگے جو ہاتھ مرے ہجر، قتل اس کو کروں
خوشی کے اشک سے بھر دوں میں خوں بہائے فراق

کجا روم چہ کنم حالِ دل کرا گویم
کہ دادِ من بستاند دہد جزائے فراق

کہاں میں جاؤں کروں کیا میں حال کس سے کہوں
سناؤں کس کو میں جا کر یہ ماجرائے فراق

ز دردِ ہجر و فراقم دمے خلاصی نیست
خدائے را بستاں داد و دہ سزائے فراق

ذرا سی فرقتِ جاناں سے دے مجھے فرصت
الٰہی! مجھ پہ کرم کر نہ دے سزائے فراق

فراق را بفراقِ تو مبتلا سازم
چناں کہ خوں بچکانم ز دیدہ ہائے فراق

فراقِ یار میں ہو مبتلا فراق اگر
بہائیں خون کے دریا یہ دیدہ ہائے فراق

من از کجا و فراق از کجا و غم ز کجا
مگر کہ زاد مرا مادر از برائے فراق

میں اور میرے غمِ عشق و سوزشِ ہجراں
کیا ہے پیدا مجھے کیا خدا برائے فراق

بداغِ عشقِ تو حافظ چو بلبلِ سحری
زند بروز و شباں خوں فشاں نوائے فراق

خزاں میں روتا ہے بلبل کہ عشق میں حافظ
جو آج آئی ہے پھر خوں فشاں نوائے فراق

مقامِ امن و مئے بےغش و رفیقِ شفیق
گرت مُدام میسّر شود زہے توفیق

مقامِ امن و مئے خالص و رفیقِ شفیق
رہیں مدام میسر اگر زہے توفیق

جہان و کارِ جہاں جملہ ہیچ در ہیچ ست
ہزار بار من ایں نکتہ کردہ ام تحقیق

جہان و کارِ جہاں جملہ ہیچ ہیں سارے
ہزار بار کیا نکتہ میں نے یہ تحقیق

دریغ و درد کہ تا ایں زماں ندانستم
کہ کیمیائے سعادت رفیق بود رفیق

یہ راز کھل نہ سکا مجھ پہ ہائے کیوں یارب
کہ کیمیائے سعادت تھے وہ رفیق رفیق

بمامنے رو و فرصت شمر غنیمتِ وقت
کہ در کمینگہِ عمر اند قاطعانِ طریق

جو وقتِ فرصت و مہلت ملے غنیمت ہے
کہ راہِ عمر میں حائل ہیں مشکلاتِ دقیق

کجاست اہلِ دلے تا کند دلالتِ خیر
کہ ما بدوست نبردیم رہ بہیچ طریق

ہیں اہلِ دل وہ کہاں جن کی رہنمائی سے
وصالِ یار کا مل جائے مجھ کو ایک طریق

فدائے غمزۂ ساقی ہزار جاں آدم
کہ تر کند لبِ لعل از شرابِ ہمچو عقیق

فدائے غمزۂ ساقی میں کیوں نہ ہوں یارب
کرے ہے تر بہ مئے لعل فام لب کے عقیق

حلاوتے کہ ترا در چہِ زنخدانست
بکنہِ او نرسد صد ہزار فکرِ عمیق

وہ چاشنی جو ہے تیرے چہِ زنخداں میں
نہ پائیں اسکی حقیقت ہزار فکرِ عمیق

بیا کہ توبہ ز لعلِ نگار و خندۂ جام
تصوریست کہ عقلش نمی کند تصدیق

تبسمِ لبِ شیریں و خندۂ ساغر
ہے بات ایسی نہ جس کی ہو عقل سے تصدیق

اگرچہ موے میانت بچوں منے نرسد
خوش ست خاطرم از فکرِ ایں خیالِ دقیق

اگرچہ ریشمیں کاکل نہ کر سکا میں سر
رکھے ہے خوش مری خاطر خیالِ زلفِ دقیق

از آں برنگِ عقیق ست اشکِ من ہمہ وقت
کہ مہرِ خاتمِ چشمِ من ست ہمچو عقیق

ملا ہے رنگِ عقیق جو آنسوؤں کو مرے
ہے مہرِ خاتمِ چشمِ پُر آب مثلِ عقیق

بخندہ گفت کہ حافظ غلامِ طبعِ توام
ببیں کہ تا بچہ حدم ہمی کند تحمیق

جو ہنس کے کہتا ہے حافظ غلام ہوں تیرا
وہ دیکھو کیسے کرے شوخ ہے مری تحمیق

ہزار دشمنم ار میکنند قصدِ ہلاک
گرم تو دوستی از دشمناں ندارم باک

کریں رقیب ہزاروں اگرچہ قصدِ ہلاک
ہو یار جب تو مجھے کیوں ہو دشمنوں سے باک

مرا امیدِ وصالِ تو زندہ میدارد
وگرنہ ہر دم از ہجرِ تست بیمِ ہلاک

ترے وصال کی امید پر رہا زندہ
وگرنہ ہجر کرے تھا ہزار بار ہلاک

نفس نفس اگر از باد نشنوم بویت
زماں زماں کنم از غم چو گل گریباں چاک

نفس نفس نہ اگر بوئے یار لائے صبا
زماں زماں کروں گل کی طرح گریباں چاک

رود بخواب دو چشم از خیالِ تو ہیہات
بود صبور دل اندر فراقِ تو خاشاک

ترے خیال میں ہو نیند آنکھ میں ہے ہے
ترے فراق میں اس دل کو صبر ہو خاشاک

اگر تو زخم زنی بہ کہ دیگرے مرہم
وگر تو زہر دہی بہ کہ دیگرے تریاک

جو زخم تو نے دیا کیوں لوں غیر سے مرہم
جو زہر تو نے دیا لوں نہ غیر سے تریاک

ترا چنانکہ توئی ہر نظر کجا بیند
بقدرِ بینشِ خود ہر کسے کند ادراک

ہر ایک کو نہیں قدر و شناس گوہر کی
ترے جمال کا کیسے کریں عدو ادراک

عناں نہ پیچم اگرمی زنی بشمشیرم
سپر کنم سر و دستت ندارم از فتراک

یہ جان بوجھ کے آیا ہے دام میں تیرے
پسند دل کو ہے کچھ اس قدر ترا فتراک

بچشمِ خلق عزیز آنگہے شوی حافظ
کہ بر درش بنہی روئے مسکنت بر خاک

ہے سرفراز زمانے میں اک وہی حافظ
جبیں پہ جس کے لگے اسکے آستاں کی خاک

اگر بکوئے تو باشد مرا مجالِ وصول
رسد ز دولتِ وصلِ تو کارِ من بحصول

مجھے ہو کوچے میں تیرے اگر مجالِ وصول
ہو میرے دل کو بہت دولتِ وصال حصول

قرار بردہ ز من آں دو سنبلِ مشکیں
خراب کردہ مرا آں دو نرگسِ مکحول

قرار لے گئی وہ زلفِ سنبلِ مشکیں
تباہ کر گئی وہ چشمِ نرگسیں مکحول

دل از جواہرِ مہرِ تو صیقلے دارد
بود ز زنگِ حوادث ہر آئینہ مصقول

ترے جواہرِ الفت سے دل میں ہے صیقل
بچا ہے اور یہ زنگِ حوادث سے آئینہ مصقول

منِ شکستۂ بدحال زندگی یابم
در آں زماں کہ بہ تیغِ غمت شوم مقتول

دلِ شکستۂ بدحال زندگی پائے
اگر بہ تیغِ غمِ عشقِ یار ہو مقتول

چہ جرم کردہ ام اے جان و دل بحضرتِ تو
کہ طاعتِ منِ بیدل نمی شود مقبول

یہ کیا ستم ہے مری جان! تیری محفل میں
کہ طاعتِ دلِ بیدل وہاں نہیں مقبول

چو بر درِ تو منِ بینوائے بے زر و زور
بہیچ باب ندارم رہِ خروج و دخول

میں بے نوا بے زر و زور جب گیا در پر
مجھے ملی نہ کوئی واں رہِ خروج و دخول

کجا روم چہ کنم حالِ دل کرا گویم
کہ گشتہ ام ز غم و جورِ روزگار ملول

کہاں میں جاؤں کروں کیا میں حال کس سے کہوں
مجھے بتاؤں کہ کیسے کیا ہے کس نے ملول

خراب تر ز دلِ من غمِ تو جائے نیافت
کہ ساخت در دلِ تنگم قرارگاہِ نزول

بسا ہے کیوں تو دلِ تنگ میں غمِ جاناں
ملی نہ اور کوئی کیا قرارگاہِ نزول

بدردِ عشق بساز و خموش شو حافظ
رموزِ عشق مکن فاش پیشِ اہلِ عقول

ہزار غم ہیں مگر تو خموش رہ حافظ
رموزِ عشق نہ کر فاش پیشِ اہلِ عقول

اے رُخت چوں خُلد و لعلت سلسبیل
سلسبیلت کرده جان و دل سبیل

رُخ ترا جنّت ہے لب ہیں سلسبیل
خون کی سینے میں ہے میرے سبیل

سبز پوشانِ خطت بر گرد لب
ہمچو حورانند گرد سلسبیل

رونگٹے ایسے ہیں گرد لب تیرے
جس طرح حوریں ہوں گردِ سلسبیل

ناوکِ چشمِ تو در ہر گوشۂ
ہمچو من افتادہ دارد صد قتیل

مت چلا یوں ہر طرف تیرِ نظر
دیکھ ہر گوشے میں کتنے ہیں قتیل

یا رب ایں آتش کہ در جانِ من است
سرد کن زاں ساں کہ کردی بر خلیل

آتشِ نمرود ہے دل میں مرے
سرد کر اس کو خدا وندِ خلیل

من نمی یابم مجال اے دوستاں
گرچہ او دارد جمالے بس جمیل

دوستو! میں اس کو چھو سکتا نہیں
وہ حسیں اِتنا ہے ایسا ہے جمیل

حسنِ ایں نظم از بیاں مستغنی است
بر فروغِ خور کے جوید دلیل

میرا حسنِ نظم مثلِ آفتاب
چاہیے اِس کو نہیں کوئی دلیل

معجز است ایں شعر یا سحرِ حلال
ہاتف آورد ایں سخن یا جبرئیل

شعر میں میرے ہے ایسا معجزہ
جیسے لایا ہو اُسے خود جبرئیل

کس نداند گفت شعرے زیں نمط　　لفظ جڑتا ہوں میں یوں اشعار میں
کس نیارد سُفت دُرّے زیں قبیل　　جیسے گوہر در گلو بندِ شکیل

پائے ما لنگ ست و منزل بس دراز　　دُور منزل اور میرا پاؤں لنگ
دستِ ما کوتاہ و خرما بر نخیل　　دست کوتہ اور خرما بر نخیل

آفریں بر کلکِ نقاشے کہ داد　　واہ اے نقاش تُو نے دے دیا
بکرِ معنے را چنیں حسنِ جمیل　　صورتِ معنی کو کیا حسنِ جمیل

حافظا گر معنے داری بیار　　قوتِ معنی ہے تجھ میں گر، دکھا
ورنہ دعویٰ نیست غیر از قال و قیل　　دعویٰ تیرا ورنہ حافظ قال و قیل

بعہدِ گل شدم از توبۂ شراب خجل
کہ کس مباد ز کردارِ ناصواب خجل

کیا ہے تو نے یوں اے توبۂ شراب خجل
کہ ہے نہ مجھ سا کوئی رندِ ناصواب خجل

صلاحِ من ہمہ جامِ مے ست و من زیں بحث
نیم ز شاہد و ساقی بہیچ باب خجل

صلاح میری نہ گر ہوتی ساغر و مے
میں ہوتا شاہد و ساقی سے بے حساب خجل

زخوں کہ رفت مرا دوش در سراچۂ چشم
شدیم در نظرِ رہروانِ خواب خجل

بہایا دیدۂ بیدار سے جو شبِ ہجر خوں
ہوا میں در نظرِ رہروانِ خواب خجل

تو خوب روئے تری ز آفتاب شکرِ خدا
کہ نیستم ز تو در روئے آفتاب خجل

نکلتا شام میں ہے ماہتاب رُخ جو ترا
ہزار دیکھ کے ہوتا ہے آفتاب خجل

بود کہ یار نپرسد گنہ ز خلقِ کریم
کہ از سوال ملولیم و از جواب خجل

نہ پوچھ حشر میں یا رب مرے گناہوں کو
سوال دیوے ہے رنجیدگی جواب خجل

بزیرِ لب ز چہ رو جام زہر خندہ زند
اگر نہ از لبِ لعلِ تو شد شراب خجل

لگایا منہ سے ہے جب اُس نے جامِ زریں کو
ہوئی ہے دیکھ لبِ لعل کو شراب خجل

از آں نہفتہ رُخِ خویش در نقابِ صدف
کہ شد ز نظمِ خوشش لولوئے خوشاب خجل

نکلتا وہ نہیں باہر صدف کے پردے سے
ہے تجھ کو دیکھ کے یوں گوہرِ خوشاب خجل

حجابِ ظلمت از آں بست آبِ خضر کہ گشت
ز نظمِ حافظ و از طبع ہمچو آب خجل

فلک میں گونجی ہے خوش بانگِ نظمِ حافظ یوں
ہوا ہے لغزشِ شب تاب و لاجواب خجل

بسحرِ چشمِ تو اے لعبتِ خجستہ خصال
بسرِّ خطِ تو اے آیتِ ہمایوں فال

بہ سحرِ چشمِ تو اے شاہدِ خجستہ خصال
بہ رمزِ غمزۂ تو دلبرِ ہمایوں فال

بنوشِ لعلِ تو اے آبِ زندگانیِ من
برنگ و بوئے تو اے نوبہارِ حسن و جمال

بہ نوشِ لعلِ لب اے آبِ زندگانیِ من
بہ رنگ و بوئے تو اے نوبہارِ حسن و جمال

بآں صحیفۂ عارض کہ گشت گلشنِ چشم
بآں حدیقۂ بینش کہ شد مقالِ خیال

بہ آبِ عارضِ گل رنگ ہے جو گلشنِ چشم
بہ قولِ شیریں دہن جو بنا مقالِ خیال

بآں عقیق کہ دارست مہرِ خاتمِ چشم
بآں گہر کہ شمارست در بلیغ مقال

بہ رنگِ لعل جو ہم کو ہے مہرِ خاتمِ چشم
دُرِ آب ہے یہ تمہارا ہے جو بلیغ مقال

بجلوہائے تو و شیوہائے رفتنِ چشم
بعشوہائے تو و غمزہائے چشمِ غزال

بہ جلوہائے تو و شیوہائے گردشِ چشم
بہ عشوہائے تو و غمزہائے چشمِ غزال

بطیبِ خُلقِ تو و نفحۂ شمامۂ گل
ببوئے زلفِ تو و نکہتِ نسیمِ شمال

بہ خیرِ خُلقِ تو و خوشبوئے شمامۂ گل
بہ بوئے زلفِ تو و نکہتِ نسیمِ شمال

بگردِ راہِ تو یعنی بسایۂ اُمّید
بخاکِ پائے تو یعنی برشکِ آبِ زلال

بہ گردِ راہِ تو یعنی بہ سایۂ امید
بہ خاکِ پائے تو یعنی بہ رشکِ آبِ زلال

بسروِ ماہ نمایت بآفتابِ بلند
بآستانِ رفیعت بآسمانِ جلال

بہ سروِ قامتِ تو و بہ آفتابِ بلند
بہ شانِ رفعتِ تو و بہ آسمانِ جلال

کہ بے رضائے تو حافظ گر التفات کند
بعمر باز نماند چہ جائے مال و منال

کہ بے رضا تری حافظ کی جاں کو چین نہیں
نہیں ہیں تیرے سوا اُسکے کوئی مال و منال

دارائے جہاں نصرتِ دیں خسروِ کامل
یحییٰ بن مظفر ملکِ عالم و عادل

دارائے جہاں نصرتِ دیں خسروِ کامل
ہے ابنِ مظفر ملکِ عالم و عادل

اے آنکہ در اسلام پناہِ تو گشودہ
بر روئے جہاں روزنۂ جان و تن و دل

اسلام کا اے شاہ ترے دم سے کھلا ہے
بر روئے جہاں روزنۂ جان و تن و دل

تعظیمِ تو بر جان و خرد واجب و لازم
انعامِ تو بر کون و مکاں فائض و شامل

تعظیم تری جان و خرد پر ہوئی لازم
انعام ترا کون و مکاں میں ہوا شامل

روزِ ازل از کلکِ تو یک قطرہ سیاہی
بر روئے مہ افتاد کہ شد حلِ مسائل

خامے سے ازل میں ترے اک قطرہ سیاہی
گر کے رخِ مہ پر ہے بنا حلِ مسائل

خورشید چو آں خالِ سیہ دید بدل گفت
اے کاش کہ من بودمے آں بندۂ مقبل

دیکھے رخِ روشن پہ سیہ خال جو تیرا
خورشید بھی کہتا ہے کہ میں بندہ و سائل

شاہِ فلک از بزمِ تو در رقص و سماع است
دستِ طرب از دامنِ ایں سلسلہ مگسل

جب دیکھ کے محفل کو فلک ہوتا ہے رقصاں
اے دستِ طرب چھوڑ نہ دامانِ فضائل

مے نوش و جہاں بخش کہ از زیج کمندت
شد گردنِ بدخواہ گرفتارِ سلاسل

پی بادۂ جاں بخش، کمیں گاہ میں اپنی
کر گردنِ بدخواہ گرفتارِ سلاسل

چوں دورِ فلک یکسرہ بر منہجِ عدل است
خوش باش کہ ظالم نبرد راہ بمنزل

لذت نہ رہی ظلم میں بیدادگروں کو
خوش باش کہ ہے دورِ فلک عدل پہ مائل

حافظ قلمِ شاہِ جہاں مقسمِ رزق است
از بہرِ معیشت مکن اندیشۂ باطل

حافظ جو کرے رزق کی تقسیم شہنشاہ
تو بہرِ معیشت نہ کر اندیشۂ باطل

رہرواں را عشق بس باشد دلیل	آنسوؤں کی جب لگائی ہے سبیل
آبِ چشم اندر رہش کردم سبیل	رہرواں نے عشق کی دی ہے دلیل
موجِ اشکِ ما کے آرد در حساب	اشکِ عاشق مژہ کو کافی نہیں
آنکہ کشتی راند بر خونِ قتیل	مانگتی قاتل ہے وہ خونِ قتیل
بے مے و مطرب بفردوسم مخواں	بے مے و مطرب نہ جا فردوس میں
رَاحَتِیْ فِی الرَّاحِ لَا فِی السَّلْسَبِیْل	چاہے واں جتنا ہو آبِ سلسبیل
آتشِ روئے بتاں بر خود مزن	آتشِ روئے بتاں سے کر حذر
ورنہ از آتش گذر کن چوں خلیل	ورنہ آتش سے گزر مثلِ خلیل
یا مکن با پیلباناں دوستی	پیل بانوں سے اگر ہے دوستی
یا بنا کن خانہ در خوردِ پیل	گھر بھی ہونا چاہیے درخورِ پیل
یا بنہ بر خود کہ مقصد گم کنی	طے نہیں ہوتی ہے رہبر کے بدوں
یا منہ پائے دریں رہ بے دلیل	عشق کی پُرپیچ و خم راہِ طویل
شاہِ عالم را بقا و عزّ و مال	شاہِ عالم کو بقا و عزّ و مال
باد و ہر چیزے کہ خواہد زیں قبیل	شوکتِ دارا و جم شانِ جلیل
عقل در حسنش نمی یابد بدل	حسنِ صورت یار کا ہے بے بدل
طبع در لطفش نمی یابد بدیل	خوبیِ سیرت بھی اُس کی بے بدیل
حافظ از سرپنجۂ عشقِ نگار	پنجۂ الفت میں حافظ یوں ہے بچھے
ہمچو مور افتادہ زیرِ پائے پیل	چیونٹی جیسے ہو زیرِ پائے پیل

ساقی بیار بادہ کہ آمد زمانِ گل　　لا ساقیا شراب کہ آیا زمانِ گل
تا بشکنیم توبہ دگر در میانِ گل　　توبہ کو توڑیں بیٹھ کے ہم درمیانِ گل

کوری خار نعرہ زناں تا چمن رویم　　دامن بچا کے خار سے جائیں چمن میں ہم
چوں بلبلاں نزول کنیم آشیانِ گل　　بلبل سنائے نغمہ لیے آشیانِ گل

در صحنِ بوستاں قدحِ بادہ نوش کن　　صحنِ چمن میں مستیِ میخوار دیکھ کر
کآیاتِ خوشدلی برسید از زبانِ گل　　آیاتِ خوش دلی کی سنائے زبانِ گل

گل در چمن رسید مشو ایمن از فراق　　آ یار گلشن آرا! کہ تیرے بدوں نہیں
بادہ شراب خواہ و سرا بوستانِ گل　　آراستہ بہار میں یہ بوستانِ گل

حافظ وصالِ گل طلبی ہمچو بلبلاں　　حافظ تو مثلِ بلبل اگر گل پہ ہے فدا
جاں کن فدائے خاکِ رہِ باغبانِ گل　　جاں کر فدائے خاکِ رہِ باغبانِ گل

شممتُ روحَ ودادٍ و شمتُ برقَ وصال
یا کہ بوئے ترا میرم اے نسیمِ شمال

اُڑ کے آئی بوئے عاشقی و برقِ وصال
کروں نثار میں جاں تجھ پہ اے نسیمِ شمال

اَحادیا بجمالِ الحبیبِ قِف وَانزِل
نیست صبرِ جمیلم ز اشتیاقِ جمال

اے ساربانِ محبت ٹھہر کہ ساتھ ترے
گیا ہے لُوٹ کے صبرِ جمیل شوقِ جمال

کایتِ شبِ ہجراں فروگذار اے دل
بشکر آنکہ برافگند پردہ روزِ وصال

شکایتِ شبِ ہجراں نہ کر کہ آئے گا
پھر آفتابِ رُخِ یار لے کے روزِ وصال

چو یار بر سرِ صلح است و عذر میخواہد
توان گذشت ز جورِ رقیب در ہمہ حال

ہوا ہے صلح پہ تیار جب سے یار میرا
گوارا مجھ کو ستم ہے رقیب کا ہر حال

یا کہ پردۂ گل ریز ہفت خانۂ چشم
کشیدہ ایم بہ تحریرِ کارگاہِ خیال

تو آ کہ راہ میں تیری بکھیرتا ہوں میں
بنا کے پھول بہ تحریرِ کارگاہِ خیال

بجز خیالِ دہانِ تو نیست در دلِ تنگ
کہ کس مباد چو من در پئے خیالِ محال

بجز خیالِ لبِ یار کچھ نہیں دل میں
ہوا ہوں اس طرح میں درپئے خیالِ محال

را لیست پریشاں بدستِ غم پامال
تاں کہ ہیچ کس نیست واقفِ احوال

ہوا ہے رنج سے پامال دل مرا ایسے
کہ کوئی ہونا نہیں چاہتا ہے واقفِ حال

اسیر و بیدل و بیجاں شدم از آں سرِ زلف	اسیر و بیدل و بیجاں ہے بندِ زلف میں دل
بماندہ والہ و شیدا چو مرغِ بے پر و بال	ہوا ہے والہ و شیدا پرند بے پر و بال
ملالِ مصلحتے می نمایم از جاناں	مجھے ہے مصلحتاً عشق میں غمِ جاناں
کہ کس بجہد نماند ز جانِ خود بملال	وگرنہ شوق سے کرتا ہے کون رنج و ملال
قتیلِ عشقِ تو شد حافظِ غریب ولے	قتیلِ عشق ہو تو اے غریب دل حافظؔ
بخاکِ ما گذرے کن کہ خونِ مات حلال	کہ تیغ کے لیے اُس کی ہے تیرا خون حلال

هر کس کہ ندارد بجہاں مہرِ تو در دل
حقا کہ بود طاعتِ او ضائع و باطل

دنیا میں نہ ہو عشق و محبت کا جو قائل
پرہیز ہے بیکار تو زہد اُس کا ہے باطل

برداشتن از عشقِ تو دل فکرِ محالست
از جانِ خود آساں بود از عشقِ تو مشکل

ممکن نہیں الفت کو تری دل سے مٹانا
مٹ جانا ہے آسان مٹا دینا ہے مشکل

از عشقِ تو ناصح چہ مرا منع نماید
اے دوست مگر ہم تو کنی حلِ مسائل

کرتا ہے مجھے منع، یہ ناصح کو پتہ کیا
بے دوست نہیں کوئی مرا حلِ مسائل

گشتیم جہاں را کہ بہ بینیم و ندیدیم
ہمچوں تو کسے زیبا در شکل و شمائل

میں ڈھونڈتا پھرتا ہوں انہیں دنیا جہاں میں
ملتے ہیں کہیں بھی نہ ترے شکل و شمائل

اے زاہدِ خود بیں بدرِ میکدہ بگذر
آں دلبرِ من بیں کہ بود میرِ قبائل

میخانے میں جا، دیکھ تو اے زاہدِ خود بیں!
کس شان سے دلبر ہے مرا میرِ قبائل

از وصلِ تو شستند رقیباں ز طمع دست
چوں گشت مرا کام دل از لعلِ تو حاصل

جلتے ہیں بہت دیکھ کے مجھ کو مرے دشمن
جس دن سے مجھے لعلِ لبِ یار ہے حاصل

حافظ تو برو بندگیِ پیرِ مغاں کن
بردامنِ او دست زن و از ہمہ بگسل

حافظ درِ میخانہ پہ جا چھوڑ کے دُنیا
بن پیرِ خرابات کا تو بندہ و سائل

این چہ شوریست کہ در دورِ قمری بینم | تجھ میں کیا حشر بپا دورِ قمر ہوتا ہے
ہمہ آفاق پُر از فتنہ و شری بینم | کامراں دنیا میں کیوں فتنۂ شر ہوتا ہے

ہر کسے روز بہی می طلبد از ایام | ہے یہ امید کہ کل آج سے بہتر ہو گی
مشکل اینست کہ ہر روز بتری بینم | حال ہر روز مگر بد سے بتر ہوتا ہے

ابلہاں را ہمہ شربت ز گلاب و قند است | عرقِ شیریں ہے ناداں کے لیے روحِ گلاب
قوتِ دانا ہمہ از خونِ جگری بینم | اور عاقل کے لیے خونِ جگر ہوتا ہے

اسپِ تازی شدہ مجروح بزیرِ پالاں | اسپِ تازی کو لگا زخم ہے زیرِ پالاں
طوقِ زریں ہمہ در گردنِ خری بینم | طوقِ زریں مگر زیورِ خر ہوتا ہے

دختراں را ہمہ جنگ است و جدل با مادر | بیٹیاں ہیں کہ کریں جنگ و جدل مادر سے
پسراں را ہمہ بدخواہِ پدری بینم | اور بیٹا ہے کہ بدخواہِ پدر ہوتا ہے

ہیچ رحمے نہ برادر بہ برادر دارد | بھائی بھائی کو نہیں پوچھتا دنیا میں کوئی
ہیچ شفقت نہ پدر را بہ پسری بینم | چاہنے والا پسر کا نہ پدر ہوتا ہے

پندِ حافظ بشنو خواجہ برو نیکی کن | پندِ حافظ کو تو اے خواجہ ذرا غور سے سن
زانکہ این پند بہ از دُرّ و گہری بینم | اس کی ہر بات میں پوشیدہ گہر ہوتا ہے

برخیز تا طریقِ تکلف رہا کنیم
دکانِ معرفت بدو جو پُر بہا کنیم

آؤ کہ ترکِ رسمِ فریب و ریا کریں
دکانِ معرفت کو یونہی پُر بہا کریں

بردیگراں نگارِ قباپوش بگذرد
ما نیز جامہ ہائے صبوری قبا کنیم

غیروں کو قربِ یارِ قباپوش و عیشِ دل
ہم اُن کہ جامہ ہائے صبوری قبا کریں

ہفتاد زلت از نظرِ خلق در حجاب
بہتر ز طاعتے کہ بروی و ریا کنیم

بہتر ہیں رند، چاہے وہ کتنے حقیر ہوں
ان زاہدوں سے چھپ کے جو مکر و ریا کریں

آنکو بغیر سابقہ چندیں نواخت کرد
ممکن بود کہ عفو کند گر خطا کنیم

رحمت کی کچھ خزینۂ حق میں کمی نہیں
بندوں کو بخشتا ہے وہ، جتنی خطا کریں

گر یک شبے بدستِ من افتد نگارِ من
مشکل بود کہ دامنش از کف رہا کنیم

لگ جائے یار ہاتھ ہمارے جو ایک رات
دامن کبھی نہ ہاتھ سے اس کا رہا کریں

گفتم گذشت کامِ دلم حاصل از لبت
گفتا تو صبر کن کہ مرادت روا کنیم

پوچھا کہ بوسہ تیرے لبوں کا ملے گا کب
بولا یہ نعمتیں نہ ہر اک کو عطا کریں

حافظ وفا نمی کند ایامِ سست عہد
ایں پنج روزہ عمر بیا تا وفا کنیم

حافظ زمانہ گرچہ ہے بے مہر و بے وفا
لازم مگر ہے آپ پہ مہر و وفا کریں

بعزمِ توبہ سحر گفتم استخارہ کنم
بہارِ توبہ شکن میرسد چہ چارہ کنم

ہے شان کیا عبا میں شوکت ہے کیا قبا میں
کیسے ہیں شیخ و زاہد مشغولِ خود پرستی

در گوشۂ سلامت مستور چوں تواں بود
تا نرگسیں تو گوید با ما رموزِ مستی

گوشے میں عافیت کے کس طرح چھپ کے بیٹھیں
آنکھیں اگر بتائیں ہم کو رموزِ مستی

عشقت بدست طوفاں خواہد سپرد اے جاں
چوں برق ازیں کشاکش پنداشتی کہ جستی

ہے عشق میں تلاطم کیسے بچیں ہم اس سے
طوفاں ہے بلا کا گرداب میں ہے کشتی

از راہِ دیدہ حافظ تا دیدہ زلفِ پستت
با جملہ سربلندی شد پایمالِ پستی

گیسو گرے جو دیکھے شانوں پہ تیرے اُس نے
سر ہو گیا ہے حافظ کا پائمالِ پستی

بجانِ او کہ گرم دسترس بجاں بودے   قسم ہے جاں کی، روا گر ہلاکِ جاں ہوتا
کمینہ پیشکشِ بندگانش آں بودے   برا نہ اتنا کبھی حالِ عاشقاں ہوتا

اگر دلم نشدے پائے بندِ طرّۂ او   اگر نہ ہوتا یہ دل قیدِ اُس کے کاکل میں
کیم قرار دریں تیرہ خاکداں بودے   قرار اس کو نہ ہوتا، نہ اطمیناں ہوتا

بگفتمے کہ بہا چیست خاکِ پائے ترا   بہائے خاکِ کفِ پائے یار ہو جاتا
اگر حیاتِ گراں مایہ جاوداں بودے   اگر حیات کا سرمایہ جاوداں ہوتا

بخواب نیز نمی بینمش چہ جائے وصال   وصال کیا، وہ اگر خواب میں ہی آجاتا
چو ایں نبود و ندیدم بارے آں بودے   سکونِ قلب کو ملتا، کچھ اطمیناں ہوتا

بہ بندگیِ قدش سرو معترف گشتے   چمن میں سرو قدِ یار کی مدح کرتا
اگرچو سوسنِ آزادہ دہ زباں بودے   مثالِ سوسن اگر وہ بھی دہ زباں ہوتا

ز پردہ نالۂ حافظ بروں کے افتادے   نہ سنتا نالۂ حافظ کوئی گلستاں میں
اگر نہ ہمدمِ مرغانِ صبح خواں بودے   وہ گر نہ ہمدمِ مرغانِ صبح خواں ہوتا

بچشم کردہ ام ابروئے ماہ سیمائے
خیالِ سرو قدے نقش بستہ ام جائے

نگاہ میں مری' ابروئے ماہ سیما ہے
خیال میں مرے ہر وقت سرو بالا ہے

زمامِ دل بکسے دادہ ام من مسکین
کہ نیستش بکس از تاج و تخت پروائے

لگام دی ہے اُسے تیری اے دلِ مسکیں!
نہ تخت و تاج کی کرتا کوئی جو پروا ہے

سرم ز دست شد و چشم ز انتظار بسوخت
در آرزوئے سر و چشم مجلس آرائے

حواس سر سے گئے، چشم انتظار جلی
ہوا جو شوقِ سر و چشم مجلس آرا ہے

نہ بے کماں کہ منشورِ عشقبازی من
از آں کمانچۂ ابرو رسد بطغرائے

زہے کمال کہ منشورِ عشق بازی کا
کمانِ ابرو نے بھیجا مجھے یہ طغرا ہے

مرا کہ از رخِ تو ماہ در شبستان است
کجا بود بفروغِ ستارہ پروائے

ہے ماہ رُخ ترا جب مرے شبستاں میں
فروغِ نجم کی کوئی رہی نہ پروا ہے

گذشت بر دل آتش بخرقہ خواہم زد
بیا ببیں تو اگر می کنی تماشائے

چراغاں خرقہ جلا کے کیا ہے محفل کو
تو آ کے دیکھ اگر دیکھنا تماشا ہے

بروزِ واقعہ تابوتِ ما ز سرو کنید
کہ مردہ ایم ز داغِ بلند بالائے

مروں تو میرے لئے ہو بنے سرو کا تابوت
کہ قلب میں مرے داغِ بلند بالا ہے

در آں مقام کہ خوباں بغمزہ تیغ زنند
عجب مکن ز سرے کوفتادہ در پائے

کرے ہے قتل اگر تیغِ غمزۂ خوباں
عجب نہ جان جو مقتول بے سر و پا ہے

فراق و وصل چہ باشد رضائے دوست طلب
کہ حیف باشد ازو غیرِ او تمنائے

فراق و وصل ہیں کیا کر رضائے یار طلب
کہ ظلم، اُس سے کسی غیر کی تمنا ہے

ز شوق سر بدر آرند ماہیاں از آب
اگر سفینۂ حافظ رسد بدریائے

ہزار مچھلیاں اُچھلی ہیں دیکھنے کے لئے
ہوا سفینۂ حافظ جو زیبِ دریا ہے

برو زاہد بامیدے کہ داری
کہ دارم ہمچناں امید واری

مبارک ہو تجھے پرہیز گاری
مجھے اچھی ہے زاہد بادہ خواری

بجز ساغر کہ دارد لالہ در دست
بیا ساقی بیاور آنچہ داری

ہر اک لالہ بنا ہے آج ساغر
لے آ اے ساقیا باطرحداری

مرا در رشتۂ دیوانگاں کش
کہ مستی خوشتر است از ہوشیاری

نہ کر چارہ مری دیوانگی کا
نہیں مستی سے بہتر ہوشیاری

بپرہیز از من اے صوفی بپرہیز
کہ کردم توبہ از پرہیز گاری

نہ یوں اے شیخ کر پرہیز مجھ سے
مجھے آتی نہیں پرہیز گاری

بیا دل در خم گیسوئے او بند
اگر خواہی خلاص و رستگاری

ہے قید و بند میں گیسوئے جاناں
تجھے اے دل نجات و رستگاری

بوقت گل خدارا توبہ بشکن
کہ عہد گل ندارد استواری

بوقتِ گل خدارا توڑ توبہ
نہیں ہے عہدِ گل میں استواری

عزیزا نو بہارِ عمر بگذشت
چو بر طرف چمن بادِ بہاری

بہارِ عمر گزری یوں عزیزو!
چمن سے جس طرح بادِ بہاری

بیا حافظ بہ پندِ تلخ کن گوش
چرا عمرے بہ غفلت می گذاری

نصیحت تلخ گر سنتا تو حافظ
نہ یوں غفلت میں کٹتی عمر ساری

بشنو ایں نکتہ کہ خود راز غم آزادہ کنی
خوں خوری گر طلبِ روزیِ ننہادہ کنی

جو مری بات سنے غم سے وہ آزادہ ہو
خوں پیئے جس کو طلب روزیِ ناداد ہو

آخر الامر گِلِ کوزہ گراں خواہی شد
حالیا فکرِ سبو کن کہ پُر از بادہ کنی

بعد مرنے کے بنے کوزہ تری مٹی سے
زندگی میں نہ اگر فکرِ خُم و بادہ ہو

جہد بنما کہ در ایامِ گل و عہدِ شباب
عیش با آدمیِ چند پری زادہ کنی

چاہیے تجھ کو، کہ در فصلِ گل و عہدِ شباب
عہد انساں کا با یار پری زادہ ہو

تکیہ بر جائے بزرگاں نتواں زد بگزاف
مگر اسبابِ بزرگی ہمہ آمادہ کنی

نہ ملے اس کو بزرگی جو نہ خوش خلق ہے
بات پیروں کی بنے، پند پہ آمادہ ہو

اجرہا باشدت اے خسروِ شیریں حرکات
گر نگاہے سوئے فرہادِ دل افتادہ کنی

حق نگہبان ہو اے خسروِ شیریں تیرا
تو اگر مائلِ فرہادِ دل افتادہ ہو

خاطرت کے رقمِ فیض پذیرد ہیہات
مگر از نقش پراگندہ ورق سادہ کنی

رقمِ فیض نہیں ملتی کسی انساں کو
نقش بیہودہ سے جس کا نہ ورق سادہ ہو

اے صبا بندگیِ خواجہ جلال الدیں کن
کہ چمن پُر سمن و سوسنِ آزادہ کنی

اے صبا بندگیِ خواجہ جلال الدیں کر
کہ چمن پُر سمن و سوسنِ آزادہ ہو

کارِ خود گر بخدا باز گزاری حافظ
اے بسا عیش کہ با بختِ خداداد کنی

گر بھروسا تو کرے رحمتِ حق پر حافظ
عیش و عشرت تجھے با بختِ خداداد ہو

بلبل ز شاخِ سرو بگلبانگِ پہلوی
میخواند دوش درسِ مقاماتِ معنوی

بلبل یہ شاخِ سرو پہ گلبانگِ پہلوی
پڑھتا ہے بیٹھا درسِ مقاماتِ معنوی

یعنی بیا کہ آتشِ موسیٰ نمود گل
تا از درخت نکتۂ تحقیق بشنوی

آ اور دیکھ آتشِ گل تا درخت سے
مل جائے تجھ کو نکتۂ تحقیقِ موسوی

مرغانِ باغ قافیہ سنجند و بذلہ گو
تا خواجہ مے خورد بغزلہائے پہلوی

مرغِ چمن ہے قافیہ سنج و لطیفہ گو
تا خواجہ مے پیئے بہ غزلہائے پہلوی

جمشید جز حکایتِ جام از جہاں نبرد
زنہار دل مبند بر اسبابِ دنیوی

جم کو بجز حکایتِ ساغر ملا نہ کچھ
زنہار دل لگا نہ بہ اسبابِ دنیوی

خوش فرشِ بوریا و گدائی و خوابِ امن
کاین عیش نیست درخورِ اورنگِ خسروی

خوش فرشِ بوریا و فقیری و اطمینان
یہ عیش کس کو دیتا ہے اورنگِ خسروی

درویشم و گدا و برابر نمی کنم
پشمیں کلاہ خویش بصد تاجِ خسروی

درویشی و فقیری میں فرصت مجھے بہت
بہتر نہیں کلہ سے مری تاجِ خسروی

ایں قصۂ عجب شنو از بختِ واژگوں
مارا بکشت یار بانفاسِ عیسوی

ہے کس قدر عجیب مسیحائی یار کی
کرتا ہے قتل ہم کو بہ انفاسِ عیسوی

چشمت بغمزه خانۂ مردم خراب کرد
مخموریت مباد کہ خوش مست می روی

افسونِ چشم سے ہوا خانہ خراب میں
مجھ کو خمار دیتی ہے مستوں کی پیروی

مے خور بشعرِ بندہ کہ دل تنگیت مباد
بعد از تو خاک بر سرِ اسبابِ دنیوی

پی اور شعر سن کہ رہے تا نہ غم کوئی
سب ڈال خاک میں تو یہ اسبابِ دنیوی

ساقی مگر وظیفۂ حافظ زیادہ داد
کآشفتہ گشت طرۂ دستارِ مولوی

ساقی نے کچھ زیادہ ہی مے دی ہے حافظا
آشفتہ دیکھ کیسی ہے دستارِ مولوی

بُتا با ما مگذار ایں کینہ داری — صنم تو اُس سے کیوں یہ کینہ رکھے
کہ حقِ صحبتِ دیرینہ داری — جو حقِ صحبتِ دیرینہ رکھے

نصیحت گوش کن کایں دُر بسے بہ — نصیحت میں مری گوہر ہے ایسا
ازاں گوہر کہ در گنجینہ داری — نہ دُر اُس سا کوئی گنجینہ رکھے

بفریادِ خمارِ مفلساں رس — تو فریادِ خمارِ مفلساں سُن
خدارا گر مئے دوشینہ داری — اگر تھوڑی سی مئے دوشینہ رکھے

ولیکن کے نمائی رُخ بہ رنداں — ہو تابِ جلوہ کس کو جب ترا رُخ
تو کز خورشید و مہ آئینہ داری — مہ و خورشید کا آئینہ رکھے

بہ رنداں مگو اے شیخ ہشدار — بُرا اتنا نہ کہہ رندوں کو زاہد
کہ با حکمِ خدائے کینہ داری — تو کیوں حکمِ خدا سے کینہ رکھے

نمی ترسی ز آہِ آتشینم — ڈرے درویش آہِ آتشیں سے
تو دانی خرقۂ پشمینہ داری — تو جبکہ خرقۂ پشمینہ رکھے

ندیدم خوشتر از شعرِ تو حافظ — نہ کیوں تیرے ہوں پاک اشعار حافظ
بقرآنے کہ اندر سینہ داری — ہے قرآں جبکہ تیرا سینہ رکھے

بیار بادہ و بازم رہاں ز رنجوری
کہ ہم ببادہ تواں کرد دفعِ مخموری

پلا شراب کہ کم ہو ہجومِ رنجوری!
وہ آبِ ناب کہ جس سے ہو دفعِ مخموری

ہیچ وجہ نباشد فروغِ مجلسِ اُنس
مگر بروئے نگار و شرابِ انگوری

نہیں ہے شے کوئی وجہِ فروغِ بزمِ طرب
سوائے روئے نگار و شرابِ انگوری

ز سحرِ غمزۂ فتانِ خویش غرّہ مباش
کہ آز سودم و سوئے نداشت مغروری

گو فتنہ خیز بہت ناز ہیں ترے اے جاں
اگر ہے خوفِ خدا، کر نہ اتنی مغروری

بیک فریب بدامِ صلاحِ خویش از دست
دریغ آنچہ زہد و صلاحِ مستوری

ترے فریبِ نظر پر نثار ہیں سارے
جلال و پاکی و زہد و صلاحِ مستوری

ادیب چند نصیحت کنی کہ عشق مباز
اگرچہ نیست ادب ایں سخن چہ دستوری

ادیب کرتا ہے کیوں منع عشق سے ہم کو
نہ بات ہے یہ ادب کی نہ ہے یہ دستوری

بعشق زندہ بود جانِ مردِ صاحبدل
اگر تو عشق نداری برو کہ معذوری

ہے اُنس جان و دلِ مردمانِ صاحبِ دل
بغیرِ عشق دل و جاں کو ہے معذوری

رسید دولتِ وصل و گذشت محنتِ ہجر
نہادہ کشورِ دل باز رہ بمعموری

ملی وصال کی دولت، گیا غمِ ہجراں
پھر آج کشورِ دل کی ہوئی ہے معموری

ہمہ کسے نتواں گفت رازِ دل حافظ
مگر بآنکہ کشیدہ است محنتِ دُوری

بتا کسی کو نہ اپنا تو رازِ دل حافظ
سوائے اُن کے، ملی جن کو محنتِ دُوری

پدید آمد رسوم بیوفائی
نماند از کس نشانِ آشنائی

ہوئی ہے عام رسمِ بے وفائی
نہیں ملتا نشانِ آشنائی

برند از فاقہ پیشِ ہر خسیسے
کنوں اہلِ ہنر دستِ گدائی

ہوئے اہلِ ہنر اتنے تہی دست
کہ پھیلاتے ہیں وہ دستِ گدائی

کسے کو فاضل است امروز در دہر
نمی بیند ز غم یکدم رہائی

پڑا ہے وقت ایسا عالموں پر
نہیں ملتی انہیں غم سے رہائی

کسے کو جاہل است اندر تنعم
متاعِ او بود ہر دم بہائی

ملا ہے عیش دائم بے ہنر کو
ہے جاہل کو متاعِ بے بہائی

اگر شاعر بخواند شعر چوں آب
کہ دل را زو فزاید روشنائی

اگر شاعر کہے اشعار ایسے
ملے جن سے دلوں کو روشنائی

نبخشندش جوے از بخل و امساک
اگر خود فی المثل باشد سنائی

ہے بد ذوق زمانے میں کچھ ایسی
نہیں ہوتی کہیں اُس کی سنائی

خرد در گوشِ ہوشم دوش میگفت
برو صبرے بکن در بینوائی

خرد کہتی ہے اب یہ فاضلوں سے
رہی تم کو نہ گر کوئی رسائی

قناعت را بضاعت ساز و میسوز
دریں درد و محن در بینوائی

جلو تم شمع صورت تیرگی میں
کرو مت شکوہ ہائے بے نوائی

بیا حافظ بجاں ایں پند بنیوش
کہ گر از پا بیفتی بر سر آئی

کرے جو صبر حافظ مفلسی میں
اُسے پستی میں ملتی ہے بڑائی

ترا کہ ہر چہ مراد است در جہاں داری	جو ناز و نازکیِ حسن دو جہاں رکھے
چہ غم ز حالِ منِ زار و ناتواں داری	نہ فکرِ عاشقِ ناچار و ناتواں رکھے
بخواہ جان و دل از بندہؐ و رواں بستاں	نہ فرق کرتا ہے آزادی و غلامی میں
کہ حکم بر سرِ آزادگاں رواں داری	وہ اپنے حکم میں جو سب کے قلب و جاں رکھے
بنوش مے چو سبکروحی اے حریفِ مدام	شراب پی کہ سبک روحی تجھ میں ہو جانم
علی الخصوص دریں دم کہ سر گراں داری	علی الخصوص بہت تو جو سر گراں رکھے
بیا فروغِ رُوئے ترا نیست نقش در خور از آنکہ	نگار و نقش کی حاجت تجھے نہیں کوئی
سوادے از خطِ مشکیں دار ارغواں داری	سلونا رنگ ترا روئے ارغواں رکھے
باختیار گرت صد ہزار تیرِ جفاست	یہ کیا ستم ہے کہ اک جانِ خستہ لینے کو
بقصدِ جانِ منِ خستہ در کماں داری	ہزار تیرِ جفا کے تری کماں رکھے
بکش جفائے رقیباں مدام و دل خوش دار	ہزار جور و ستم جو رقیب کرتے ہیں
کہ سہل باشد اگر یارِ مہرباں داری	ہیں سہل اُس پہ جو اک یارِ مہرباں رکھے
وصالِ دوست گرت دست میدہد روزے	وصال مجھ کو میسّر ہو تیرا گر اک دن
برو کہ ہر چہ مراد است در جہاں داری	مدام دل کی مرادیں مری جہاں رکھے

چو ذکرِ لعلِ لبت میکنم خرد گوید
حدیث یا شکرست اینکہ در دہاں داری

یہ کیسی لعل لب یار کی ہے شیرینی
کہ اسکا ذکر ہی شیریں مرا دہاں رکھے

میاں نداری و دارم عجب کہ ہر ساعت
میانِ مجمعِ خوباں کنی میاں داری

عجیب بات کہ وہ درمیاں حسینوں کے
میان دار بنا ہے بنا میاں رکھے

مکن عتاب ازیں بیش و جور بر دلِ من
بکن ہر آنچہ توانی کہ جائے آں داری

نہ کر عتاب و ستم اس قدر مرے دل پر
کہ تاب رنج نہ اب کچھ یہ ناتواں رکھے

چو گل بدامن ازیں باغ میبری حافظ
چہ غم ز نالہ و فریاد باغباں داری

خدا نے بھر دیا دامن گلوں سے جب حافظ
تو دل میں کس لیے پھر فکر باغباں رکھے

جاں فدائے تو کہ ہم جانی و ہم جانانی
ہر کہ شد خاکِ درت رَست ز سرگردانی

جاں فدا تجھ پہ کہ تو جانِ جہان تو جانی
سر تیرے در پہ کہ کم اس سے ہے سرگردانی

سرسری از سرِ کوئے تو نیارم برخاست
کارِ دشوار نگیرند بدیں آسانی

اُٹھ کے کوچے سے ترے کیسے میں جاؤں جانی
کام دشوار ہے ہوتا نہیں با آسانی

خام را طاقتِ پروانۂ پر سوختہ نیست
نازکاں را نرسد شیوۂ جاں افشانی

تابِ پروانۂ پر سوختہ لاغر میں نہیں
کام نازک کا نہیں شیوۂ جاں افشانی

بے تو آرام گرفتن بود از ناکامی
با تو گستاخ نشستن بود از حیرانی

تجھ بن آرام سے رہنا ہے بہت ناکامی
سامنے بے ادبی تیرے بہت نادانی

فاش کردند رقیبانِ تو سرِ دلِ من
چند پوشیدہ بماند خبرِ پنہانی

رازِ الفت کو کیا فاش رقیبوں نے مرے
کہ چھپائے نہیں چھپتی خبرِ پنہانی

تا بماند تر و شاداب نہالِ قدِ تو
واجب آمد کہ بر دیدۂ ما بنشانی

آنکھ میں میری لگا اپنے نہالِ قد کو
تاکہ شاداب ہے سروِ قدِ لاثانی

در خمِ زلفِ تو دیدم دلِ خود را وقتے
گفتمش چونی و چوں میبری اے زندانی

ایک دن دیکھا جو دل اپنا خمِ گیسو میں
پوچھا کس حال قفس میں ہے تو اے زندانی

گفت آرے چہ کنی گر نبری رشک بمن
ہر گدا را نبود مرتبۂ سلطانی

بولا اب رشک بہت لوگ کریں گے مجھ پر
ہے فقیری میں مجھے مرتبۂ سلطانی

راستی حدِ تو حافظ نبود صحبتِ ما
بس اگر بر سرِ ایں کوئے کنی سگبانی

صحبتِ یار میسر نہیں گر اے حافظ
جا درِ یار پہ اور کر تو وہاں سگ بانی

چوں در جہانِ خوبی امروز کامگاری	ہے جب جہانِ خوباں میں تجھ کو نامداری
شاید کہ عاشقاں را کامے ز لب برآری	کر عاشقوں کی اپنے ہونٹوں سے کامگاری
با عاشقانِ بیدل تا چند ناز و عشوہ	با عاشقانِ بیدل کیسے یہ ناز و عشوے
بر بیدلانِ مسکیں تا کے جفا و خواری	بر بیدلانِ مسکیں کب تک جفا و خواری
تا چند ہمچو چشمت در عین ناتوانی	خوابیدہ آنکھ کب تک دیوے گی ناتوانی
تا چند ہمچو زلفت در تاب و بیقراری	زلفِ سیاہ کب تک رکھے گی بے قراری
جورے کہ از تو دیدم دردے کہ از تو بردم	جور و ستم میں تیرے درد و الم بہت ہیں
گر شرح آں بدانی شاید کہ رحمت آری	آ کر کبھی تو ظالم کر میری غمگساری
از بادۂ وصالت گر جرعۂ بنوشم	گر بادۂ لباں کا مل جائے ایک جرعہ
تا زندہ ام نورزم آئینِ ہوشیاری	مٹ جائے جان و دل سے آئینِ ہوشیاری
در ہجر ماندہ بودم بادِ صبا رسانید	فرقت کی نا امیدی میں باغِ وصل سے اک
از بوستانِ وصلت بوئے امیدواری	لائی صبا سحر دم بوئے امیدواری
دکانِ عاشقی را بسیار مایہ باید	بازارِ عاشقی میں سرمایہ عاشقوں کا
دلہائے ہمچو آتش چشمانِ ژالہ باری	دلہائے آتشین و چشمانِ اشکباری

گرچہ بوئے وصلت در حشر زندہ گردم
سر برنیارم از خاک از روئے شرمساری

گرچہ کرے گی محشر میں بوئے وصل زندہ
اٹھنے مجھے نہ دے گا یہ بارِ شرمساری

ما بندہ ایم و عاجز، تو خواجہ و قادر
گر می کشی بزودم، گر می کشی بزاری

بندہ میں تیرا عاجز، تو خواجہ اور قادر
جاں بخشے یا تو مجھ سے جاں لیوے یا یہ زاری

آخر ترحمے کن برحالِ زارِ حافظ
تا چند نا امیدی تا چند خاکساری

کر حالِ زارِ حافظ پہ رحم تو خدا یا
کب تک یہ نا امیدی کب تک یہ خاکساری

چہ بودے ار دلِ آں ماہ مہرباں بودے
کہ کارِ ما نہ چنیں بودے ار چناں بودے
اگر وہ ماہ ذرا سا بھی مہرباں ہوتا
بُرا نہ اتنا کبھی حالِ عاشقاں ہوتا

بگفتمے کہ چہ ارزد نسیم طرّۂ دوست
گرم بہر سرِ موئے ہزار جاں بودے
ہزار جانیں ہر اک رونگٹے میں گر ہوتیں
فدائے گیسوئے جاناں ہزار جاں ہوتا

براتِ خوشدلیِ ما چہ کم شدے یارب
گرش نشانِ اماں از بدِ زماں بودے
کمی زمانے کی عشرت میں کچھ نہ ہو جاتی
اگر ذرا سا اماں ہم کو یک زماں ہوتا

گرم زمانہ سرافراز داشتے و عزیز
سریرِ عزتم آں خاکِ آستاں بودے
اگر زمانے میں ہوتا میں سرفراز کبھی
وقار و عزت سر اُس کا آستاں ہوتا

خیال اگر نشدے سدِّ آبِ دیدۂ من
ہزار چشمہ بہر گوشہ رواں بودے
نہ حلم و ضبط اگر روکتے مرے آنسو
ہر ایک سمت میں دریائے خوں رواں ہوتا

کسے بجوئے ویم کاشکے نشاں دادے
کہ تا فراغتے از باغ و بوستاں بودے
جو عندلیب کو ملتا نشانِ کوئے بتاں
نہ اس کو فکرِ گل و شاخ و بوستاں ہوتا

برخ چو مہرِ فلک بے نظیرِ آفاق ست
بدل دریغ کہ یک ذرہ مہرباں بودے
ہے گرچہ مہرِ فلک یار کا رخِ روشن
اے کاش دل بھی ذرا اس کا مہرباں ہوتا

ز پردہ کاش بروں آمدے چو قطرۂ اشک
کہ بر دو دیدۂ ما حکمِ او رواں بودے
نکلتا اشک کے مانند گر وہ پردے سے
ستارہ آنکھ کا، دل کا وہ حکمراں ہوتا

اگر نہ دائرۂ عشق راہ بربستے
چو نقطہ حافظِ بیدل در آں میاں بودے
گر اتنی راہ میں ہوتیں نہ بندشیں حافظ
تو تو بھی حلقۂ الفت کے درمیاں ہوتا

خوش کرد یاوری فلکت روزِ داوری
تا شکر چون کنی و چه شکرانه آوری

حق نے کیا ہے کتنا کرم روزِ داوری
کیسے کروں میں اُس کا ادا شکرِ یاوری

در کوے عشق شوکتِ شاہی نمی خرند
اقرارِ بندگی کن و دعواے چاکری

ہے ہیچ کوئے عشق میں شانِ شہنشہی
اقرارِ بندگی کرو، دعوائے چاکری

آنکس کہ اوفتاد خدایش گرفت دست
پس بر تو باد تا غمِ افتادگاں خوری

افتادگی پہ آتا ہے اللہ کو بھی رحم
افتادگاں کی غم پہ بھی لازم ہے یاوری

ساقی بمژدگانیِ عیش از درم درآی
تا یکدم از دلم غمِ دنیا بدر بری

لا مژدۂ نجات، مٹا دل سے غم مرے
ساقی ہو تاکہ پیش تری شانِ دلبری

در شاہراہِ جاہ و بزرگی خطر بسے ست
آں بہ کزیں گریوہ سبکبار بگذری

ہے شاہراہِ جاہ و بزرگی خطر سے پُر
عاشق گزرتے راہ سے ہیں با سبک سری

سلطان و فکرِ لشکر و سودائے تاج و گنج
درویش و امنِ خاطر و کنجِ قلندری

سلطاں کو فکرِ لشکر و سودائے افسری
صوفی کو امنِ خاطر و کنجِ قلندری

نیلِ مراد بر حسبِ فکر و ہمت ست
از شاہ نذرِ خیر و ز توفیق یاوری

ملتی ہے حسبِ جرأت و ہمت مرادیاں
شاہوں سے نذرِ خیر، نصیبے کی یاوری

گر بر حسابِ روزِ جزا مطلع شوی
درویشی اختیار کنی بر توانگری

ہوگا حساب حشر میں دینارئیں کو
کر فقر و عجز، کر نہ ہوائے تونگری

یک حرفِ صوفیانہ بگویم اجازت ست
از نور دیدہ صلح بہ از جنگ و داوری

سن حرفِ صوفیانہ کہ اس میں نجات ہے
صلح و صفا سے اچھی نہیں جنگ و داوری

حافظ غبارِ فقر و قناعت ز رخ مشوی
کاں خاک بہتر از عملِ کیمیا گری

حافظ نہ خاکِ فقر و قناعت جبیں سے دھو
دیکھ اس غبار میں ہے بہت کیمیا گری

در همه دیرِ مغاں نیست چو من شیدائے
خرقہ جائے گرو بادہ و دفتر جائے

ہے نہیں دیرِ مغاں میں کوئی مجھ سا شیدا
خرقہ اِک جا گروِ بادہ، تو دفتر اک جا

دل کہ آئینۂ شاہی ست غبارے دارد
از خدا می طلبم صحبتِ روشن رائے

ہوا آلودہ جو آئینۂ شاہی دل کا
اس کو پھر جذبۂ الفت سے خدایا چمکا

کردہ ام توبہ بدستِ صنمے بادہ فروش
کہ دگر مے نہ خورم بے رخِ بزم آرائے

وعدہ کرتا ہوں پیوں گا نہ کبھی اے ساقی
دیکھے بِن تیرا رُخِ روشنِ محفل آرا

جوئہا بستہ ام از دیدہ بداماں کہ مگر
در کنارم بنشانند سہی بالائے

کی جوئے اشک رواں چشمِ پُرآلام نے
کہ لگے اس کے کنارے ترا سروِ بالا

سرِّ ایں نکتہ مگر شمع برآرد بزباں
ورنہ پروانہ ندارد بسخن پروائے

راز آجائے کبھی شمع کے لب پر شاید
ورنہ پروانے کو بالکل بھی نہیں ہے پروا

کشتیِ بادہ بیاور کہ مرا بے رخِ دوست
گشتہ ہر گوشۂ چشم از غمِ دل دریائے

لاؤ اِک کشتیِ بادہ کہ بدوں یار کیا
دلِ غمگیں نے ہر اک گوشۂ دیدہ دریا

سخنِ غیر مگو با منِ معشوقہ پرست
کز وے و جامِ مَیَم نیست بکس پروائے

رکھتا ہوں گوشۂ دل میں کہ جو معشوق پرست
جام و جاناں کے سوا اور نہ کوئی پروا

نرگس ار لاف زد از شیوۂ چشمِ تو مرنج
نرود اہلِ نظر از پئے نابینائے

چشمِ نرگس کو نہ ہو سکتا تھا کبر اتنا
دیکھ سکتی وہ تری آنکھ اگر نابینا

عہد کردم کہ دگر خونِ دلِ خود نخورم
گر از دستِ حریفے مئے رعنائے

عہد میرا ہے پیوں گا نہ کبھی خونِ جگر
کیا کروں دیوے اگر بت وہ بدستِ رعنا

ہر شب گریہ کناں بر درِ میخانہ درآئی
تا دہد بادِ صبا مژدہ بخاکِ پائے

رات کو روتا ہوا آ درِ میخانہ پر
تا کہ دے لاکے تجھے خاکِ درِ یار صبا

ایں حدیثم چہ خوش آمد کہ سحر گہ می گفت
بر درِ میکدۂ بادف و نے ترسائے

سُن اچھا تھا سناتا تھا ہمیں گا کے جو
بادف و نے درِ میخانہ پہ طفلِ ترسا

گر مسلمانی ازیں ست کہ حافظ دارد
آہ اگر از پئے امروز بود فردائے

بات زاہد کی سمجھ میں نہیں آئی حافظ
کہ ہے اس کے لئے امروز سے پہلے فردا

دیدم بخواب دوش کہ ماہے برآمدے
کز عکسِ روئے او شبِ ہجراں سرآمدے

اک ماہ رات خواب میں یوں جلوہ گر ہوا
افروز تارِ ہجر میں نورِ سحر ہوا

تعبیر رفتِ یارِ سفر کردہ میرسد
اے کاش ہرچہ زود تراز در درآمدے

آیا ہے میرا یارِ سفر کردہ لوٹ کر
آباد اُس کے دم سے دگر میرا گھر ہوا

فیضِ ازل بزور و زر ار آمدے بدست
آبِ خضر نصیبۂ اسکندر آمدے

زور و زرِ سکندری سب ہیچ ہیں مگر
دریاب رب کے فیض سے آبِ خضر ہوا

آں عہد یاد باد کہ از بام و در مرا
ہر دم پیامِ یار و خطِ دلبر آمدے

وہ دن بھی تھے کہ لائے تھا پیغام رات دن
نایاب اب وہ در پہ مرے نامہ بر ہوا

آں کو ترا بہ سنگدلی گشت رہنموں
اے کاشکے کہ پاش بسنگے برآمدے

سکھلائی تجھ کو سنگدلی جو رقیبوں نے
مجروح اُن کا سنگ سے پھر کیوں نہ سر ہوا

کے یافتے رقیبِ تو چنداں مجالِ ظلم
مظلومے ار شبے بدرِ داور آمدے

ہوتی مجالِ ظلم نہ اتنی رقیب کو
ہوتا کھلا ترا درِ داور اگر ہوا

خامانِ رہ نرفتہ چہ دانند ذوقِ عشق
دریا دلے بجوئی و دلیرے سرآمدے

خامانِ رہ نرفتہ کو کیا کام عشق سے
دریا دل و دلیر ہے یہ قلعہ سر ہوا

جانہا نثار کردے آں دلنواز را
گر ہمچو روح جلوہ کناں در برآمدے

جانیں نثار کی ہیں ادا پر ہزار ہا
وہ دلنواز جب بھی کبھی جلوہ گر ہوا

ذکرش بخیر ساقیِ فرخندہ فال من
کز در مدام با قدح و ساغر آمدے

ذکرش بخیر ساقیِ فرخندہ فال من
جس کے کرم سے جام مرائے نگر ہوا

خوش بودے ار بخواب بدیدے دیارِ خویش
تا یادِ صحبتش سوئے ما رہبر آمدے

دیکھے ہیں جب سے یارِ وطن اپنے خواب میں
ہر راستے میں خواب مرا راہبر ہوا

گر دیگرے بشیوۂ حافظ زدے رقم
مقبولِ طبعِ شاہِ سخن پرور آمدے

مقبولِ طبعِ شاہِ سخن سنج ہو گیا
شعرِ دگر بہ شیوۂ حافظ اگر ہوا

روزگاریست کہ ما را نگراں میداری
مخلصاں را نہ بوضعِ دگراں میداری

کتنی مدت سے تو ہم کو نگراں رکھتا ہے
مخلصوں کو بھی بوضعِ دگراں رکھتا ہے

گوشۂ چشمِ رضائے بمنت باز نشد
ایں چنیں عزتِ صاحب نظراں میداری

گوشۂ چشمِ رضامند سے دیکھے نہ ہمیں
کیا عجب عزتِ صاحب نظراں رکھتا ہے

نہ گل از داغِ غمت رُست نہ بلبل در باغ
ہمہ را نعرہ زناں جامہ دراں میداری

گل و بلبل کو ہوں رنج سے فرصت نہ کبھی
ان کو تو 'نعرہ زناں' 'جامہ دراں' رکھتا ہے

پدرِ تجربہ آخر توئی اے دل زچہ روی
طمعِ مہر و وفا زیں پسراں میداری

تجربہ کار تو آتا ہے مرے دل! لیکن
خواہشِ دوستی بادشمنِ جاں رکھتا ہے

گرچہ رندی و خرابی گنہِ ماست و لے
عاشقے گفت کہ ما را تو براں میداری

ہم ہیں رندی و خرابی کے گنہگار مگر
تو بھی بے چین ہمارے دل و جاں رکھتا ہے

جوہرِ جامِ جم از کانِ جہانِ دگر ست
تو تمنا ز گلِ کوزہ گراں میداری

جوہرِ ساغرِ جم دنیا میں ناپید ہے، اور
تُو توقع بہ گلِ کوزہ گراں رکھتا ہے

کیسۂ سیم و زرت نیک بباید پرداخت
زیں تمنا کہ تو از سیم براں میداری

حاجتِ سیم و زر و نقد نہیں ہے دل کو
وہ تو بس اک ہوسِ سیم تناں رکھتا ہے

اے کہ در دلقِ ملمع طلبی ذوقِ حضور
چشمِ سیرے عجب از بے بصراں میداری

چاہتا دلقِ ملمع سے ہے جو عشقِ خدا
وہ امیدِ بصر از بے بصراں رکھتا ہے

چوں توئی نرگسِ باغِ نظر اے چشم و چراغ
سر چرا بر منِ دل خستہ گراں میداری

نرگسِ باغِ نظر، چشم و چراغِ جاں تو
سرِ دلِ خستہ سے کیوں میرے گراں رکھتا ہے

دین و دل رفت ولے راست نمی آرم گفت
کہ منِ سوختہ دل را تو بر آں میداری

ہم ہیں بے دین مگر کیسے کہیں یہ، تو بھی
دین سے دُور دلِ سوختگاں رکھتا ہے

تا صبا بر گل و بلبل ورقِ حسنِ تو خواند
ہمہ را شیفتہ و دل نگراں میداری

قصۂ حسن ترا جب سے صبا لائی ہے
سب کو یہ شیفتہ و دل نگراں رکھتا ہے

ساعد آں بہ کہ بپوشی چو تو از بہرِ نگار
دست در خونِ دلِ پُر ہنراں میداری

نہ چھپا خلق سے جو اپنی کلائی پر تو
نقشِ خونِ جگرِ پُر ہنراں رکھتا ہے

گذراں رو ز سلامت بملامت حافظ
چہ توقع ز جہانِ گذراں میداری

تجھ کو جو کچھ بھی ملے جان غنیمت حافظ
کچھ حقیقت نہ جہانِ گذراں رکھتا ہے

زیں خوش رقم کہ بر گلِ رخسار میکشی
خط بر صحیفۂ گل و گلزار میکشی

نقش و نگار برگِ گُلِ رخسار کھینچ کر
دل کو مرے بنا دیا گلزار کھینچ کر

اشکِ حرم نشینِ نہاں خانۂ مرا
زاں سوئے ہفت پردہ بہ بازار میکشی

اشکِ حرم نشیں جو ہیں پردے میں مرے
لاتا ہے وہ انہیں سرِ بازار کھینچ کر

ہر دم بیادِ آں لبِ میگون و چشمِ مست
از خلوتم بخانۂ خمار میکشی

اک یادِ چشمِ مست و لبِ لعل فشاں
لائی مجھے بخانۂ خمار کھینچ کر

گفتی سرِ تو بستہ بفتراکِ ما شود
سہل است اگر تو زحمتِ ایں بار میکشی

قابل نہیں ہے سر مرا فتراک کے مگر
صیاد لے کے چلتا ہے یہ بار کھینچ کر

باچشم وابروئے تو چہ تدبیرِ دل کنم
وہ زیں کماں کہ بر سرِ بیمار میکشی

کیا حفظِ دل کروں ترے ابرو و چشم سے
رکھے کماں ہے بر سرِ بیمار کھینچ کر

باز آ کہ چشمِ بد ز رخت دور می کنم
اے تازہ گل کہ دامن ازیں خار میکشی

اے تازہ گل! میں چشمِ حسد سے تجھے بچاؤں
دامن اگر نہ پکڑے مرا خار کھینچ کر

حافظ دگر چہ می طلبی از نعیمِ دہر
مے می چشی و طرۂ دلدار میکشی

دیکھو ہے مست حافظِ شیراز کس طرح
پیتا ہے مے وہ گیسوئے دلدار کھینچ کر

سحر با باد می گفتم حدیثِ آرزومندی
خطاب آمد کہ واثق شو بالطافِ خداوندی

صبا سے صبح کرتا تھا میں ذکرِ آرزومندی
صدا آئی بھروسا کر بر الطافِ خداوندی

قلم را آں زباں نبود کہ سرِّ عشق گوید باز
ورائے حدِ تقریر است شرحِ آرزومندی

زبانِ کلک سے کیسے بیانِ رازِ دل ہووے
حدِ تقریر سے بیروں ہے شرحِ آرزومندی

دل اندر زلفِ لیلیٰ بند و کارِ عشق مجنوں کن
کہ عاشق را زیاں دارد مقالاتِ خردمندی

اُلجھ گیسوئے لیلیٰ میں کہ کاروبارِ الفت میں
زیاں دیتے ہیں مجنوں کو خیالاتِ خردمندی

الا اے یوسفِ مصری کہ کردت سلطنت مغرور
پدر را باز پرس آخر کجا شد مہرِ فرزندی

غرور اتنا حکومت پر نہ کر اے یوسفِ مصری
تو بھولا باپ کو اپنے ہوا کیا مہرِ فرزندی

بسحرِ غمزۂ فتاں دوا بخشی و درد انگیز
بچینِ زلفِ مشک افشاں دلآویزی و دلبندی

بہ سحرِ غمزۂ جاناں ہے دردِ دل بھی درماں بھی
بچینِ زلفِ مشکیں ہیں دلآویزی و دلبندی

ہمائے چوں تو عالی قدر و حرصِ استخواں تا کے
دریغ ایں سایۂ دولت کہ بر نااہل افگندی

ہمائے عالی شاں تیرا یہ ذوقِ استخواں کیسا
جو کی ہے سایۂ الفت کی نااہلوں سے پیوندی

دریں بازار اگر سودیست با درویشِ خرسند است
خدایا منعمم گرداں بدرویشی و خرسندی

اگر بازارِ دل میں نفع ہے درویشِ خرم کو
خدایا دے مجھے بھی طورِ درویشی و خرسندی

جہانِ پیرِ رعنا را ترحم در جبلّت نیست
ز مہرِ او چہ می خواہی درو ہمت چہ می بندی

نہیں کرنا مروت اس جہانِ پیر کا شیوہ
محبت میں چھپے ہیں اس کی صد بیداد و بیدردی

دعائے صبح و شامِ تو کلیدِ گنجِ مقصود است
بدیں راہ و روش میرو کہ با دلدار پیوندی

دعا شام و سحر کر ہے یہی کنجی خزانے کی
کہ اس راہ و روش میں یار کی ملتی ہے پیوندی

بخوباں دل مدہ دیگر ببیں آں بیوفائیہا
کہ با تیغِ زباں کردند مکّارانِ اُلوندی

نہ دے دل ان حسینوں کو کبھی اور دیکھ یہ کیسے
بہ تیغِ بے رخی کاٹے ہیں رشتہ ہائے دلبندی

ز شعرِ حافظِ شیراز میگویند و میرقصند
سیہ چشمانِ کشمیری و ترکانِ سمرقندی

کلامِ حافظِ شیراز سن کر رقص کرتے ہیں
سیہ چشمانِ کشمیری و ترکانِ سمرقندی

سحرگہ رہروے در سرزمینے — بہم صوفی تھے دو اک سرزمیں میں
ہمیں گفت ایں معما با قرینے — کہا اک نے یہ گوشِ ہم قریں میں

کہ اے صوفی شراب آنگہ شود صاف — کہ اے صوفی! رہے سینے کے اندر
کہ در شیشہ بماند اربعینے — تو مے ہوتی ہے صاف اک اربعیں میں

گر انگشتِ سلیمانی نباشد — نہ انگشتِ سلیمانی رہی جب
چہ خاصیت دہد نقشِ نگینے — رہے کیا خاصیت نقشِ نگیں میں

خدا زاں خرقہ بیزار است صد بار — ہے اس خرقے سے بیزاری خدا کو
کہ صد بت باشدش در آستینے — ہزاروں بت ہوں جس کی آستیں میں

درونہا تیرہ شد باشد کہ از غیب — چراغِ عشق روشن کر خدایا
چراغے بر کند خلوت نشینے — اندھیرا ہے دلِ خلوت نشیں میں

مروت گرچہ نامے بے نشان است — مروت یوں زمانے میں ہے عنقا
نیازے عرضہ کن بر نازنینے — ہو جیسے عاجزی ایک نازنیں میں

ثواب باشد اے دارائے خرمن — بھر اس کا دامن اے دارائے خرمن
اگر رحمے کنی بر خوشہ چینے — بہت ہے بے نوا خوشہ چیں میں

نمی بینم نشاط و عیش در کس — نہ دل میں امن نے تسکین جاں میں
نہ درمانِ دلے نے دردِ دینے — نہ ہے دل قلب میں نے قلب دیں میں

اگرچہ رسمِ خوباں تندخوئی ست
چہ باشد گر بسازی با غمینے

ہے گرچہ رسمِ خوباں تند خوئی
نہ تاب اب کچھ رہی قلبِ حزیں میں

درِ میخانہ بکشا تا بپرسم
مآلِ حالِ خود از پیش بینے

درِ میخانہ کھل جائے تو دیکھوں
مآلِ حال جامِ پیش بیں میں

نہ ہمت را امیدِ سربلندیست
نہ دعوت را کلیدِ آہنینے

نہیں دل کو امیدِ سربلندی
دعا بے بس ہے قیدِ آہنیں میں

نہ حافظ را حضورِ درسِ قرآں
نہ دانش مند را علم الیقینے

نہ حافظ کو شعورِ درسِ قرآں
نہ عالم کو یقیں علم الیقیں میں

سحرم ہاتفِ میخانہ بدولت خواہی	بولا یوں ہاتفِ میخانہ بدولت خواہی
گفت باز آئی کہ دیرینہ ایں درگاہی	آ کہ ہے تیرے لئے باز درِ درگاہی
ہمچو جم جرعۂ مے کش کہ ز سرِ ملکوت	بادہ جمشید کے مانند پیے جو اُس کو
پرتو جامِ جہاں بین دہدت آگاہی	پرتو جامِ جہاں بین سے ہو آگاہی
بگدایانِ درِ میکدہ اے سالک راہ	با ادب آؤ درِ میکدہ پر اے سالک!
بادب باش اگر سرِ خدا آگاہی	رازِ حق کی تمہیں مقصود ہو گر آگاہی
بر درِ میکدہ رندانِ قلندر باشند	ایسے رندانِ قلندر بھی ہیں میخانے میں
کہ ستانند و دہند افسرِ شاہنشاہی	کبھی لیتے کبھی دیتے ہیں وہ شاہنشاہی
خشت زیرِ سر و بر تارکِ ہفت اختر پاے	سر ہے پتھر پہ مگر پاؤں کے نیچے اختر
دستِ قدرت نگر و منصبِ صاحب جاہی	ایسا اک رند کا ہے منصبِ صاحب جاہی
اگرت سلطنتِ فقر ببخشند اے دل	بخشش سلطنتِ فقر ملے گر اے دل
کمتریں ملکِ تو از ماہ بود تا ماہی	برتر اس سے نہ جہاں میں کوئی ملکِ شاہی
قطع ایں مرحلہ بے ہمرہی خضر مکن	ہو گا یہ مرحلہ بے ہمرہی خضر نہ طے
ظلمات است بترس از خطرِ گمراہی	راہ اندھیری ہے بہت ہے خطرِ گمراہی

سرِ ما و درِ میخانہ کہ طرفِ بامش
بہ فلک بر شدہ دیوار بدیں کوتاہی

درِ میخانہ پہ سر رکھا کہ لگتی ہے بہت
بامِ گردوں سے بلند اس کی مجھے کوتاہی

تو درِ فقر ندانی زدن از دست مدہ
مسندِ خواجگی و مجلسِ توران شاہی

دیوے دستک جو درِ فقر پہ تو اس کو ملے
مسندِ خواجگی و مجلسِ توراں شاہی

اے سکندر منشیں و غمِ بیہودہ مخور
کہ نہ بخشند ترا آبِ حیات از شاہی

آبِ حیوان کی جو یائی میں اے اسکندر
کام آتے نہیں کچھ شوکت و شانِ شاہی

اے گدایانِ ترا عار ز شاہنشاہی
ہمہ کس را تو دہی منصبِ صاحب جاہی

ہے فقیروں کو بہت عار شہنشاہی سے
ملا اُن کو ہے مگر منصبِ صاحب جاہی

حافظِ خام طمع شرمے ازیں قصہ بدار
عملت چیست کہ مزدش دو جہاں می خواہی

حافظِ خام طمع نے نہ کیا ٹھیک کوئی
کام دنیا میں مگر مزد دو عالم چاہی

سلامے چو بوئے خوشِ آشنائی بداں مردمِ دیدۂ روشنائی	سلام ایک مثلِ بوئے آشنائی تجھے مردمِ دیدۂ روشنائی
نمی بینم از ہمدماں ہیچ بر جا دلم خوں شد از غصہ ساقی کجائی	ہوا خونِ دل کا پیالہ ساقیا رے رہی ہمدموں میں نہ اب آشنائی
زکوئے مغاں رو مگرداں کہ آنجا فروشند مفتاحِ مشکل کشائی	بہ کوئے مغاں جاکے دیکھو کہ کیسے وہ بیچے ہیں مفتاحِ مشکل کشائی
عروسِ جہاں گرچہ در حدِ حسن ست ز حد می برد شیوۂ بیوفائی	عروسِ جہاں گرچہ بے حد حسیں ہے ہے بے انت اُس کی مگر بے وفائی
مےِ صوفی افگن کجا می فروشند کہ در تابم از دستِ زہدِ ریائی	مے صوفی افگن کہیں سے خرید و نہیں ہم میں اب تابِ زہدِ ریائی
رفیقاں چناں عہدِ صحبت شکستند کہ گوئی نبودست خود آشنائی	رفیقوں نے توڑا ہے یوں عہدِ صحبت کبھی جیسے ہم سے نہ تھی آشنائی
مرا گر تو بگذاری اے نفسِ طامع بسے پادشاہی کنم در گدائی	نکل جائے لالچ اگر میرے دل سے کروں میں شہنشاہی اندر گدائی

بیاموزمت کیمیائے سعادت
زہم صحبتِ بد جدائی جدائی

ملے مجھ کو اک کیمیائے سعادت
جو ہو صحبتِ بد سے میری جدائی

درودے چو نورِ دلِ پارسایاں
بداں شمعِ خلوت گہِ پارسائی

دعا مثلِ نورِ دلِ پارسایاں
تجھے شمعِ خلوت گہِ پارسائی

دلِ خستۂ من گرش ہمتے نیست
نخواہد ز سنگیں دلاں مومیائی

ہے مجروح و خستہ اگرچہ مرے دل!
تو سنگیں دلوں سے نہ لے مومیائی

مکن حافظ از جورِ گردوں شکایت
چہ دانی تو اے بندہ کارِ خدائی

شکایت نہ کر جورِ گردوں کی حافظ
تو بندہ ہے جانے نہ کارِ خدائی

سینہ مالا مال درد است اے دریغا مرہمے
دل ز تنہائی بجاں آمد خدارا ہمدمے

سینہ مالا مالِ غم ہے اور نہیں مرہم کوئی
بیش ہے تنہائی یارب دے مجھے ہمدم کوئی

خیز تا خاطر بداں ترکِ سمرقندی دہیم
کز نسیمش بوئے زلفِ حوریاں آید ہمے

بوئے زلفِ ترکِ شیرازی ہے لائی یوں صبا
لایا جنّت سے ہو جیسے حوریوں کا دم کوئی

چشم آسائش کہ دارد زیں سپہرِ گرم رو
ساقیا جامے بیاور تا بیاسایم دمے

آسمانِ گرم رَو دیتا ہے آسائش کسے
ساقیا لا جام ہے آرام دے یکدم کوئی

زیرکے را گفتم ایں احوال خوش خندید و گفت
صعب کارے بوالعجب شئے پریشاں عالمے

سُن کے حالِ عشق میرا عقل حیراں ہو گئی
تھی سنی اس نے نہ ایسی داستانِ غم کوئی

سوختم در چاہِ صبر از بہرِ آں شمعِ چگل
شاہِ تُرکاں غافل ست از حالِ ما کو رستمے

عاشقِ شمعِ چگل جلتا ہے چاہِ صبر میں
کاش اس کی قید کی سُن لے خبر رستم کوئی

در طریقِ عشق بازی امن و آسائش خطاست
ریش باد آں دل کہ با دردِ تو جوید مرہمے

امن و آسائش طریقِ عشق بازی میں نہیں
زخمِ دل کے واسطے مت مانگیے مرہم کوئی

اہلِ کام و ناز را در کوئے رنداں راہ نیست
رہروے باید جہاں سوزے نہ خامے بے غمے

خام و خود بیں کو نہیں کچھ راہ کوئے عشق میں
کر سکا جز راہرو طے یہ نہ راہِ غم کوئی

آدمِ خاکی بدیں عالم نمی آید بدست
عالمے دیگر بباید ساخت و از نو آدمے

خاکسار آدم کوئی ملتا ہی عالم میں نہیں
عالمِ دیگر بنا لے اک نیا آدم کوئی

گریۂ حافظ چہ سازد پیشِ استغنائے دوست
کاندریں طوفاں نماید ہفت دریا شبنمے

دریا قطرہ ہے یہ مانا پیشِ استغنا اگر
گریۂ حافظ ہے طوفاں یہ نہیں شبنم کوئی

صبا تو نکہتِ آں زلفِ مشکبو داری	صبا جو نکہتِ گیسوئے مشکبو رکھئے
بیادگار بمانی کہ بوئے او داری	جوان ہر دلِ عاشق میں آرزو رکھئے
دلم کہ گوہرِ اسرارِ حسن و عشق درو ست	یہ دل جو ہے مرا اسرارِ حسن و عشق سے پُر
تواں بدستِ تو دادن گرش نکو داری	بشوق دوں میں جو محفوظ اس کو تو رکھئے
درآں شمائلِ مطبوع ہیچ نتواں گفت	ہے خود تو اتنا خوش اخلاق دوست میرا مگر
جز ایں قدر کہ رقیبانِ تند خو داری	معاملہ بہ رقیبانِ تند خو رکھئے
قبائے حسن فروشی ترا زیبد و بس	قبائے حسن فروشی تجھی پہ سجتی ہے
کہ ہمچو گل ہمہ آئینِ رنگ و بو داری	تو مثلِ گل بہت آئینِ رنگ و بو رکھئے
زمانہ گر بہ مشکِ ختن دہد برباد	نہیں ہے مجھ کو کوئی جستجوئے مشکِ ختن
فدائے تو کہ خط و خال مشکبو داری	فدا میں تجھ پہ کہ تو خالِ مشکبو رکھئے
دم از ممالکِ خوبی چو آفتاب زدن	چمک ستاروں میں ہے آفتاب کی ضو سے
ترا سزد کہ غلامانِ ماہرو داری	ہو خوب تُو جو غلامانِ ماہرو رکھئے
بسرکشی خود اے سرو جوئبار مناز	وہ ناز دیکھے قدِ یار کا چمن میں اگر
کہ گر باو رسی از شرم سر فرو داری	غرور ایسا نہ سرو کنار جُو رکھئے

دعاش گفتم و خنداں بزیر لب میگفت
کہ کیستی تو دہا ما چہ گفتگو داری

دعا بھی دوں تو وہ کہتا ہے کون تو کیا تو
بھلا یہ کیسا وہ انداز گفتگو رکھے

نوائے بلبلت اے گل کجا پسند افتد
کہ گوش ہوش بمرغانِ ہرزہ گو داری

پسند کیوں ہو تجھے بانگ عندلیب اے گل!
تو گوش ہوش یہ مرغانِ بدگلو رکھے

زجرعۂ تو سرم مست گشت و نوشت باد
خود از کدام خمست اینکہ در سبو داری

ہوا ہوں مست بس اک جرعے کے لحاق
شراب تند یہ کیسی ترا سبو رکھے

زگنج مدرسہ حافظ مجوی گوہر عشق
قدم بروں نہ اگر میلِ جستجو داری

بگنج مدرسہ حافظ نہ ڈھونڈ گوہر عشق
ہو عزمِ اشک تو گر ذوقِ جستجو رکھے

طفیلِ ہستیِ عشقند آدمی و پری
ارادتے بنما تا سعادتے ببری

طفیلِ ہستیِ الفت ہیں آدمی و پری
ہے غرضِ حسنِ ارادت سعادتوں سے بھری

چو مستعدِ نظر نیستی وصال مجوی
کہ جامِ جم نکند سودِ وقتِ بے بصری

نہ مانگ وصل اگر تو نہیں ہے اہلِ نظر
نہ جامِ جم سے ملے کچھ اگر ہو بے بصری

مے صبوح و شکر خوابِ صبحدم تا چند
بعذرِ نیم شبی کوش و نالۂ سحری

مے صبوح و شکر خوابِ صبح دم کب تک
کر آہِ نیم شبی، کھینچ نالۂ سحری

بجوئے زلف و رخت میروند و می آیند
صبا بغالیہ سائی و گل بجلوہ گری

مہک ہے بادِ بہاری میں تیری زلفوں سے
سکھائی چہرے نے تیرے گلوں کو جلوہ گری

بکوش خواجہ و از عشق بے نصیب مباش
کہ بندہ را نخرد کس بعیبِ بے ہنری

ہے بد نصیب جسے ہو نہ عشق اے خواجہ!
بغیر ولولہ کاری گری ہے بے ہنری

بیا و سلطنت از ما بخر بمایۂ حسن
ازیں معاملہ غافل مشو کہ حیف خوری

خریدی اس نے ہے اک آنکھ کے اشارے سے
بکی ہے سستی بہت میرے دل کی تاجوری

دعائے گوشہ نشیناں بلا بگرداند
چرا بگوشۂ چشمے بما نمی نگری

بیک نگاہ کرے دور سب بلائیں تو
اے کاش مجھ پہ بھی ہو ایک آن کرم نظری

مرا ازیں ظلمات آنکہ رہنمائی کرد
دعائے نیم شبی بود و گریۂ سحری

ہیں رہنما مری تاریک زندگانی میں
دعائے نیم شبی آہ و گریۂ سحری

ز ہجر و وصلِ تو در حیرتم چہ چارہ کنم
نہ در برابرِ چشمی نہ غایب از نظری

وصال و ہجر کا قصہ بہت ہے پیچیدہ
نہ آنکھ کے وہ مقابل، نہ غائبِ نظری

طریقِ عشق طریقے عجب خطرناک است
نعوذ باللہ اگر رہ بسامنے نبری

طریقِ عشق ہے طورِ عجیب کچھ ایسا
کبھی وہ راحتِ دل ہے کبھی وہ دردِ سری

ہزار جانِ گرامی بسوخت زیں غیرت
کہ ہر صباح و مسا شمعِ مجلسِ دگری

جلایا جانِ گرامی کو رشک و غیرت نے
ہے جب سے یار بنا شمعِ مجلسِ دگری

چو ہر خبر کہ شنیدم رہے بحیرت داشت
ازیں سپس من و ساقی و وضعِ بے خبری

خبر جو ملتی ہے ساقی بری ہی ملتی ہے
دے مجھ کو بادۂ گلفام و وضعِ بے خبری

کلاہِ سروریت کج مباد بر سرِ حسن
کہ زیبِ تخت و سزاوارِ بخت و تاج سری

کلاہِ سروری گر کج ہو حسن کے سر پہ
ہے زیبِ تخت و سزاوارِ تخت و تاجِ سری

بہ یمنِ ہمتِ حافظ امید ہست کہ باز
اری اسامر لیلای لیلة القمر

بیان ایسا ہے حافظ ترا کہ لیلیٰ بھی
سنے ہے قصۂ مجنوں بہ لیلة القمری

گفتند خلائق کہ توئی یوسفِ ثانی
چوں نیک بدیدم بحقیقت بہ ازانی

کہتا ہے زمانہ کہ ہے تو یوسفِ ثانی
ہوتا ہے مگر دیکھ کے یوسف تجھے پانی

در عشق تو ام شہرہ چو فرہاد و عجب نیست
اے خسرو خوباں کہ تو شیرین زمانی

مشہور اگر میں ہوا فرہاد کے مانند
وہ خسرو خوباں بھی ہے شیریں زمانی

تشبیہ دہانت نتواں کرد بہ غنچہ
ہرگز نبود غنچہ بدیں تنگ دہانی

تمثیل دہن کی ترے کیسے ہو گل سے
تجھ سی نہ کسی غنچے میں ہے تنگ دہانی

صد بار بگفتی کہ دہم زاں دہنت کام
چوں سوسن آزاد چرا جملہ زبانی

وعدہ کیا سو بار، دیا بوسہ نہ لیکن
سوسن کی طرح تجھ کو بھی ہے جملہ زبانی

گفتی کہ دہم کامِ دہانت بستانم
ترسم ندہی کامم و جانم بستانی

جان مانگے ہے عوض وصل کے لیکن مجھے ڈر ہے
جاں ہجر میں لے گا تو مری جانِ جہانی

چشم تو خدنگ از سپر جاں گذرانید
بیمار کہ دیدہ است بدیں سخت کمانی

اس دل کے ہوا پار، سپر چیر کے ناوک
کیا دیدۂ بیمار کی ہے سخت کمانی

در راہِ تو عاشق چو قلم کرد ز سر پائے
چوں نامہ چرا یکدمش از لطف نخوانی

بل سر کے چلا شکلِ قلم راہِ وفا پر
پڑھتے نہ کبھی نامۂ عاشق کی زبانی

چوں اشک بیندازیش از دیدۂ مردم
آں را کہ دمے از نظرِ خویش برانی

جب تو نے ہٹالی ہے نظر اپنی کسی سے
بس دیدۂ مردم سے گرا ہو کے وہ پانی

گر سرو بیانداز قد و رفتارِ تو برپائے
بخرام کہ از سرو گذشتی بروانی

ہر سروِ چمن شرم سے گڑ جائے زمیں میں
دیکھے وہ اگر تیری خرامی و روانی

حافظ بجفا از تو شکایت ننماید
زاں رُو کہ بہر جورِ تو لطفیست نہانی

حافظ کو نہیں تیری جفاؤں کی شکایت
دیکھے ہے وہ ہر جور میں اک لطفِ نہانی

گذشتی بر منِ غمدیدہ از راہِ جفاکاری
بلے تو عمری و بر عمر کے باشد وفاداری

نہیں بے جا میری جاں! تیری یہ رسمِ جفاکاری
کہ کیسے کوئی رکھے جاں سے امیدِ وفاداری

رقیبے در پئے آزارِ جانِ ماست واویلا
سگِ کوئے تو پیدا کرد خوئے مردم آزاری

رقیب اور در پئے آزارِ جان و قلب، واویلا
ترے کوچے کے کتے کو ہے خوئے مردم آزاری

خطا باشد بذکرِ عارض و زلفینِ او گفتن
سخن از لعبتانِ چینی و از مشکِ تاتاری

خطا کرنا ہے جب ہو ذکرِ گیسو و رخِ جاناں
بیانِ لعبتانِ چین و ذکرِ مشکِ تاتاری

بدہ ساقی مے تا بہ کہ یکدم بے خبر گردم
کہ جانم بر لب آمد از تکلفہائے ہشیاری

پلا اتنی مجھے ہو جاؤں میں مدہوش اے ساقی
کہ جاں لیتے ہیں میری یہ تکلفہائے ہشیاری

تو خواہی خونِ ما ریزی و خواہی لطف و احساں کن
عنانِ اختیار با دستِ تست و مختاری

تو چاہے خون کر اس کا تو چاہے لطف و احساں کر
عناں حافظ نے دے کر ہاتھ میں دی تجھ کو مختاری

گشتہ از آتشِ مے عارضِ تو گُل وارے
چوں ز نالم من دل سوختہ بلبل وارے

آتشِ مے سے بنا جب ترا رخ گُل جیسا
پھر نہ کیوں نالہ کرے دل مرا بلبل جیسا

دلبرا بر رُخِ زیبائے تو آں زلفِ سیاہ
سایۂ بر سمن انداختہ سنبل وارے

رخِ زیبا پہ ترے ہوتی ہے جب زلفِ سیاہ
یاسمیں پہ کرے سایہ ہے یہ سنبل جیسا

وائے آنکس کہ نہ خوش شد مے و رندی نکند
شیشۂ مے چو صلا بر زدہ ات مل وارے

رندی مجھ کو نہ ہو کیوں مے نہ پیوں کیسے
شورِ شیشے کا ہے جب بزم میں قلقل جیسا

میکند قمریِ محنت زدہ در گوشۂ باغ
از غمِ لالہ و گُل نالۂ بلبل وارے

بیٹھ کے قمری مصیبت زدہ اک گوشے میں
غمِ لالہ میں کرے زار ہے بلبل جیسا

ظاہر آنست کہ از بہرِ پریشانیِ ماست
حلقہ حلقہ شدہ آں زلفِ تسلسل وارے

واسطے قلبِ پریشاں کی گرفتاری کے
حلقہ کوئی نہیں اُس زلفِ تسلسل جیسا

کے شود ہم نفسِ چو منتو گدائے حافظ
بادشاہے کہ بود اہلِ تجمل وارے

تجھ سا حافظ نہیں دنیا میں گدا کوئی بھی
فقر میں فخر ہو اک اہلِ تجمل جیسا

مخمورِ جامِ عشقم ساقی بدہ شرابے
پُر کن قدح کہ بے مے مجلس ندارد آبے

مخمورِ عاشقی ہوں لائے شراب کوئی
بے مے نہیں ہے مجلس میں آب و تاب کوئی

عشقِ رُخِ چو ماہش در پردہ راست ناید
مطرب بزن نوائے ساقی بدہ شرابے

چاہے اگر کہ کھولے الفت کا راز میرا
نغمہ سنائے کوئی، لائے شراب کوئی

چوں آفتابِ رویش در دیدہ می نگنجد
اے دل چہ سود داری در دیدہ مضطرابے

جب آفتابِ رُخ کی تاب آنکھ میں نہ ہو تو
رکھے پھر اپنے دل میں کیوں اضطراب کوئی

در انتظارِ رویت ما و امیدواری
وز عشوۂ لبانت ما و خیال و خوابے

ہے انتظارِ رُخ میں اِک نا امیدواری
عشوہ ہے اُس کے لب کا، ہو جیسے خواب کوئی

دستِ غرض میالائی بر کاسہ گدائی
انجام کار نبود از وے امید آبے

دستِ غرض نہ پھیلائے ایسی خشک سالی
اک قطرہ تک نہ ڈالے کاسے میں آب کوئی

حافظ چہ می نہی تو دل بر وصالِ جاناں
کے تشنہ سیر گردد از لمعۂ سرابے

حافظ تو رکھ نہ کوئی امیدِ وصلِ جاناں
تشنہ کو سیر کرتا ہے کیا سراب کوئی

مائیم و غمِ عشق جوانے و خیالے
در ماہِ رخش گشتہ تنم ہمچو ہلالے

دل ایک ماہ رُخ نے کیا پُر ملال ہے
خمدار جسم ضعف سے شکلِ ہلال ہے

با محنتِ ہجرِ تو شب و روز قرینم
تا یا تو کجا دست دہد روزِ وصالے

ملتے ہیں روز و شب غم و محنت فراق میں
کب دیکھئے خدا مجھے دیتا وصال ہے

احوالِ مرا عرضہ کنی پیشِ نگارم
اے بادِ صبا گر بود آں سمت مجالے

جا کے بیان کر مرے احوال یار سے
بادِ صبا اگر تجھے اتنی مجال ہے

ور زانکہ ز حالِ منِ بیچارہ بپرسد
گو از غمِ ہجرانِ تو گشتہ ست خلالے

کہہ اس سے حالِ زار وہ گر تجھ سے پوچھے
لاغر بدن ہوا میرا مثلِ خلال ہے

ہر کس ز جہاں منصب و مالے طلبید
ما را غمِ عشقِ تو بہ از منصب و مالے

منصب کی مال کی ہے طلب سب کو دہر میں
منصب مجھے ہے عشق ترے غم میرا مال ہے

حاشا کہ نخواہیم بدنیا و بہ عقبےٰ
جز خاکِ سرِ کوئے تو مالے و منالے

دنیا و عاقبت سے نہیں مجھ کو کچھ طلب
بس خاکِ کوئے یار ہی مال و منال ہے

گفتم بجہاں آرزوئے وصلِ تو دارم
گفتا چہ کنی حافظؔ سودائے محالے

حافظؔ تجھے ہے آرزوئے وصلِ یار گر
سودائے جوئے شیر ہے کارِ محال ہے

نوبہار است در آں کوش کہ خوشدل باشی   پھر بہار آئے گی پھر بلبلِ خوش دل ہوگا
کہ بسے گل بدمد باز و تو در گِل باشی   پھول جو باغ میں ہے پردہ درِ گِل ہوگا

چنگ در پردہ ہمی میدہدت پند و لے   چنگ کے پردے سے نکلے گی نصیحت لیکن
وعظت آنگاہ دہد سود کہ قابل باشی   دلِ دیوانہ نصیحت کے نہ قابل ہوگا

من نگویم کہ چہ کن با کہ نشین و چہ بنوش   کیا کرے کیا پیے اور ساتھ تو کس کے بیٹھے
کہ تو خود دانی اگر زیرک و عاقل باشی   خود سمجھ ہوگی اگر زیرک و عاقل ہوگا

در چمن ہر ورقے دفترِ حالے دگر است   حسن ہوگا جو نمودار گلوں میں تو چمن
حیف باشد کہ ز حالِ ہمہ غافل باشی   ان تہِ خاک حسینوں سے نہ غافل ہوگا

گرچہ راہیست پُر از بیم ز ما تا برِ دوست   راہ کاشانۂ دلبر ہے خطرناک بہت
رفتن آساں بود ار واقفِ منزل باشی   ہوگی آساں تو اگر واقفِ منزل ہوگا

نقدِ عمرت ببرد غصۂ دنیا بگزاف   نقدِ جاں تیری کرے گا غمِ دنیا ضائع
گر شب و روز دریں قصۂ باطل باشی   گر شب و روز تجھے قصۂ باطل ہوگا

حافظا گر مدد از بختِ بلندت باشد   بختِ بیدار اگر ساتھ رہے گا حافظ
صیدِ آں شاہدِ مطبوعِ شمائل باشی   قرب میں شاہدِ مطبوعِ شمائل ہوگا

وقت را غنیمت داں آنقدر کہ بتوانی
حاصل از حیات اے جاں یکدم ست تا دانی

غنیمت جان ملتا ہے جو وقتِ عیش و آسانی
کہ جانِ یک نفس دیتی ہے ہر لمحہ پریشانی

پیشِ زاہد از رندی دم مزن کہ نتواں گفت
با طبیبِ نا محرم حالِ دردِ پنہانی

نہ کہو زاہد سے قصہ اپنی رندی کا نہیں کرتے
ہر نا محرم طبیباں پہ کچھ بیانِ دردِ پنہانی

با دعائے شبخیزاں اے شکر دہاں مستیز
در پناہِ یک اسم ست خاتمِ سلیمانی

دعاؤ نالۂ شبخیز سے جھگڑا نہ کر اے جاں
پناہ و اسمِ اعظم سے ہیں سب حکمِ سلیمانی

یوسفِ عزیزم رفت اے برادراں رحمے
کز غمش عجب دیدم حالِ پیرِ کنعانی

نہ پھینکو چاہ میں یوسف کو اے بھائی ذرا سوچو
کہ اس کی یاد میں تڑپے گا کیسا پیرِ کنعانی

می روی کہ مژگانت خونِ خلق می ریزد
تند می روی جاناں ترسمت فرو مانی

بہا اتنی نہ تیزی سے تو خونِ عاشقاں جاناں
مجھے ڈر ہے کہ تھک جائے گی تیری تیغِ مژگانی

پندِ عاشقاں بشنو وز درِ طرب باز آ
کایں ہمہ نمی ارزد شغلِ عالمِ فانی

سنو پند و نصیحت عاشقوں کی حرص کو چھوڑو
نہیں دیتا نشاط و عیشِ دامِ عالمِ فانی

زاہدِ پشیماں را شوقِ بادہ در جانست
عاقلا مکن کارے کآورد پشیمانی

بنے اک میں شوقِ بادہ اور زباں پہ عیبِ مے خواری
یہ دو روئی تیری زاہد تجھے دے گی پشیمانی

خم شکن نمی داند ایں قدر کہ صوفی را
جنس خانگی باشد ہمچو لعل رمانی

نہ توڑے محتسب خم میکدے کے دیکھ صوفی بھی
جو کیسے مست ہیں پی کر شرابِ عشقِ ربانی

گر تو فارغی از من اے نگارِ سنگیں دل
حالِ خود بخواہم گفت پیشِ آصفِ ثانی

نہ کر توڑے بتِ سنگین دل خونِ جگر اتنا
نہیں ہے کیا تجھے کچھ خوفِ عدلِ آصفِ ثانی

از درم در آمد مست بزم بشادی دست
روشنی بما پیوست راستی بہ ارمانی

بجاؤں شادیانہ اور کروں میں رقص مستانہ
اگر مستانہ آجائے کبھی تشریفِ جانانی

باغباں چو من زینجا بگذرم حرامت باد
گر بجائے من سروے غیرِ دوست بنشانی

لحد پر گر لگائے باغباں تو سرو اس جیسا
تو گورستاں مرا بن جائے رشکِ باغِ رضوانی

دل ز ناوکِ چشمت گوش داشتم لیکن
ابروئے کماندارت می برد بہ آسانی

بہ مشکل دل اگر بچ جائے تیرِ چشم سے تیرے
کمانِ ابرو کرتی ہے اسے بسمل بہ آسانی

جمع کن باحسانے حافظِ پریشاں را
اے شکنجِ گیسویت مجمعِ پریشانی

کرے ہے حافظِ شوریدہ سر کی جمع خاطر وہ
شکنجِ زلف ہے جس شوخ کا مجمعِ پریشانی

هزار جهد بکردم که یارِ من باشی
قرار بخشِ دلِ بے قرارِ من باشی

کیے ہزار جتن اب وہ یار ہو میرا
قرار بخشِ دلِ بے قرار ہو میرا

دمے بکلبۂ احزانِ عاشقاں آئی
شبے انیسِ دلِ سوگوارِ من باشی

کبھی تو کلبۂ احزانِ عاشقاں میں آ
لگے انیسِ دلِ سوگوار ہو میرا

چراغِ دیدۂ شب زنده دارِ من گردی
امیرِ روزِ من و روزگارِ من باشی

چراغِ دیدۂ بے خواب شب میں اور دن میں
تو غمگسارِ غمِ روزگار ہو میرا

رفیق و مونس و آرامِ جانِ من گردی
انیسِ خاطرِ امیدوارِ من باشی

رفیق و مونس و آرامِ جان و دل بن جا
انیسِ خاطرِ امیدوار ہو میرا

ازاں عقیق کہ خونیں دلم ز عشوۂ او
اگر کنم گلہ رازدارِ من باشی

وہ جس عقیق نے خوں میں کیا ہے دل کو
گلہ جو اُس کا کروں رازدار ہو میرا

شود غزالۂ خورشید صیدِ لاغرِ من
گر آہوئے چو تو یکدم شکارِ من باشی

غزالِ شمس بھی ہو صیدِ ناتوان اگر
ہرن کوئی ترا جیسا شکار ہو میرا

سہ بوسہ کز دو لبت کردہ وظیفۂ من
اگر ادا نہ کنی وامدارِ من باشی

جو تین بوسے دو لب کے وظیفہ میرا ہیں
تو گر ادا نہ کرے قرضدار ہو میرا

من ایں مراد نہ بینم بعمر خود کہ شبے   بجائے اشکِ رواں آنکھ میں ہو نوری تو
بجائے اشکِ رواں در کنارِ من باشی   اگر وہ نورِ جہاں ہم کنار ہو میرا

دراں چمن کہ بتاں دست عاشقاں گیرند   کریں چمن میں ہیں بت دستگیری عاشق
گرت ز دست برآید نگارِ من باشی   لے ہاتھ ہاتھ میں میرا نگار ہو میرا

چو خسروانِ ملاحت بہ بندگاں نازند   ہے خسروانِ ملاحت کو ناز بندوں پر
دراں میانہ خداوندگارِ من باشی   خدارا تو بھی خداوندگار ہو میرا

من ارچہ حافظِ شہرم جوے نمی ارزم   ہوں گرچہ شہر کا حافظ میں کیا ہوں کچھ بھی نہیں
مگر تو از کرمِ خویش یارِ من باشی   نہ جب تلک کرم آمادہ یار ہو میرا



غزلیاتِ حافظ شیراز



غزل گفتی و دُر سُفتی بیا و خوش بخواں حافظ
کہ بر نظمِ تو افشاند فلک عقدِ ثریا را